www.dailypakistanbulletin.pk
کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار
Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
جلد نمبر 12 | پیر 14 ستمبر 2026ء بمطابق 02 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 47 | قیمت 10 روپے

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے: رانا ثنا اللہ

صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں، پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، ہماری لائن واضح ہے، پنجاب میں (ن) لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی

بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے یا لاہور کے ساتھ رکھنے کی تجاویز موجود ہیں، صوبوں کی تقسیم کے حق میں (ن) لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروادیا گیا

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سہیل وڑائچ، مجیب الرحمان شامی، سلمان غنی، حفیظ اللہ نیازی اور سلیم بخاری سمیت دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 1

پشاور: وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی منصوبوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

موٹر سائیکل رکشہ کیلئے پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا اعلان

800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے بھی ریلیف اسکیم کا اجراء، وزیر اعظم کا مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس

اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا' شہباز شریف

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور اسکے باعث عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایک خصوصی ریلیف پیکیج کا اجراء کردیا ہے، جس کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا، اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کردیا جائیگا، پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 2

احسن اقبال کا لیاقت بلوچ سے رابطہ ایک روز کی مہلت مانگ لی

وفاقی وزیر نے وزیراعظم کا پیغام پہنچایا، وزیراعظم چاہتے ہیں لیوی پر مذاکرات منگل کو ہوں، لیاقت بلوچ

لاہور (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے رابطہ کرکے مذاکرات کے تیسرے دور کے لیے مزید ایک روز کی مہلت مانگ لی۔ جماعت اسلامی اور حکومت کے درمیان پٹرولیم لیوی پر مذاکرات کا تیسرا دور پیر کو ہونا تھا۔ لیاقت بلوچ کے مطابق احسن اقبال نے وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا ہے، وزیراعظم چاہتے ہیں پٹرولیم لیوی پر مذاکرات منگل کو ہوں۔ لیاقت بلوچ کے مطابق حکومت نے جماعت اسلامی سے مذاکرات کے لئے ایک، جبکہ پٹرولیم لیوی اور آئی پی پیز پر دو کمیٹیاں قائم کر رکھی ہیں، حکومت // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 3

سندھ میں ریبیز کا ایک اور کیس، تعداد 23 ہوگئی

کراچی (اویب ڈیسک) سندھ میں ریبیز کا ایک اور کیس سامنے آگیا، جس کے بعد رواں سال صوبے میں ریبیز کے رپورٹ ہونے والے کیسز کی تعداد 23 ہوگئی۔ جناح ہسپتال کراچی کی انتظامیہ کے مطابق ٹنڈو الہیار سے تعلق رکھنے والی 27 سالہ خاتون میں ریبیز وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ متاثرہ خاتون کو 12 ستمبر کی صبح تقریباً // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 5

پیٹرولیم لیوی سے حکومت کو ہدف سے 99 ارب روپے زائد وصول

گزشتہ مالی سال میں پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی مد میں 1567 ارب روپے جمع، مقررہ ہدف 1468 ارب روپے تھا

پٹرول پر 80 روپے فی لیٹر لیوی برقرار، فی لیٹر لیوی کے علاوہ 5 روپے فی لیٹر کاربن سرچارج بھی عائد ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت نے گزشتہ مالی سال 2025-26 کے دوران پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی مد میں مقررہ ہدف سے 99 ارب روپے زائد وصول کرلیے۔ وزارت خزانہ کی سالانہ معاشی کارکردگی رپورٹ کے مطابق حکومت نے جون 2026 تک پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی مد میں 1468 ارب روپے وصولی کا ہدف مقرر کیا تھا، تاہم مالی سال کے اختتام پر مجموعی وصولی 1567 ارب روپے رہی۔ دستاویز کے مطابق حکومت نے مقررہ ہدف حاصل کرنے کے باوجود پٹرولیم لیوی میں کمی یا اسے ختم نہیں کیا۔ اس وقت بھی عوام سے پٹرول پر 80 روپے فی لیٹر پٹرولیم لیوی وصول کی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 4

کراچی میں اسٹڈی اِن ملائیشیا ایجوکیشن فیئر 2026 کا افتتاح

کراچی (ویب ڈیسک) ملائیشیا میں اعلیٰ تعلیم کے مواقع سے پاکستانی طلبہ کو آگاہ کرنے کے لیے اسٹڈی اِن ملائیشیا ایجوکیشن فیئر پاکستان 2026ء کا آواری ٹاورز کراچی میں افتتاح کر دیا گیا۔ دو روزہ تعلیمی میلہ 12 اور 13 ستمبر کو جاری رہے گا، جس میں ملائیشیا کی معروف جامعات کے نمائندگان شرکت کررہے ہیں۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی کراچی میں ملائیشیا کے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم تھے، جنہوں نے ربن کاٹ کر ایجوکیشن فیئر کا افتتاح کیا۔ تعلیمی میلے میں طلبہ کو ملائیشیا کی مختلف جامعات میں دستیاب // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 8

آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی

آئی ایم ایف جائزہ مذاکرات، پاکستان کو نئے اہداف اور شرائط سے آگاہ کیے جانے کا امکان

اسلام آباد/نیویارک (ویب ڈیسک) آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی جبکہ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات ورچوئلی ہوں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ آئی ایم // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 9

انڈونیشیا اور پاکستان کے درمیان 625 ملین ڈالر کے تجارتی معاہدے

طبی آلات، صحت کی ٹیکنالوجی اور کاروباری تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق، مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

کراچی (ویب ڈیسک) ہیلتھ ایشیا 2026ء کے موقع پر انڈونیشیا اور پاکستان کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون اور تجارتی روابط کے فروغ کے لیے 3 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوگئے، جن کی مجموعی متوقع مالیت 62 کروڑ 50 لاکھ ڈالر ہے۔ انڈونیشیا میڈیکا کی 3 روزہ سرگرمیوں کے اختتام پر کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل کی جانب سے انڈونیشیا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 10

جنگ ستمبر کا 13 واں روز، پاکستانی فوج کا باؤر ریلوے سٹیشن پر قبضہ

بھارت کو لڑائی کے پہلے 8 دنوں میں تقریباً اپنی آدھی فوجی طاقت کا نقصان اٹھانا پڑا، 209 ٹینک شامل

راولپنڈی (ویب ڈیسک) ستمبر 1965 کی جنگ کے 13 ویں روز بھارتی حکومت نے صحافیوں کو جنگی علاقوں میں جانے اور شفاف رپورٹنگ سے روک دیا۔ پاکستانی فوج نے بھارتی فوج کی پیش قدمی کو روکتے ہوئے باؤر ریلوے سٹیشن پر قبضہ کرلیا، بھارت کو لڑائی کے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 6

سلامتی کونسل دہشتگردی کیخلاف موجودہ نظام سے خامیاں دور کرے، پاکستان

القاعدہ کیخلاف کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشتگردی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں

نیویارک (ویب ڈیسک) پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف نئے، جامع اور دور اندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے اپنے انسداد دہشت گردی کے ڈھانچے کو مضبوط بنائے اور پابندیوں کے موجودہ نظام میں پائی جانے والی خامیوں کو دور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 7

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

ایف بی آر کا 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا فیصلہ

20 کروڑ روپے تک سالانہ کاروبار کرنے والے دکانداروں کیلئے ایک فیصد ٹیکس مقرر، کم از کم 25 ہزار روپے سالانہ ٹیکس دینا ہوگا

اسکیم کے اہل دکانداروں کو فروخت کے مقام پر نظام اور ڈیجیٹل رسید کے نظام سے استثنیٰ حاصل ہوگا' تاجروں کا ٹیکس آڈٹ بھی نہیں کیا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ملک بھر کے تقریباً 35 لاکھ چھوٹے تاجروں اور دکانداروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے رجسٹریشن مہم شروع کردی۔ ایف بی آر نے دکانداروں کی آسان رجسٹریشن کیلئے اردو اور علاقائی زبانوں میں ایک صفحے پر مشتمل سادہ فارم جاری کردیا ہے۔ اسکیم کے تحت 20 کروڑ روپے تک سالانہ کاروباری حجم رکھنے والے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 11

وزیراعظم کی پیٹرول اسکیم سے ہماری جدوجہد پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، حافظ نعیم

حکومت ہماری وجہ سے 100 روپے فی لیٹر ریلیف دینے پر مجبور ہوئی تاہم لیوی کے خاتمے تک احتجاج جاری رہے گا

موٹر سائیکل، رکشا اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا جائزہ لیں گے' امیر جماعت اسلامی

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعظم کی پیٹرول اسکیم پر سربراہ جماعت اسلامی حافظ نعیم نے کہا ہے کہ ظالمانہ پٹرولیم لیوی کے خلاف ہماری جدوجہد کے نتیجے میں حکومت 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دینے پر مجبور ہوئی تاہم پٹرول اسکیم کے باوجود ہماری لیوی کے خاتمے تک جاری رہے گی۔ اپنے بیان میں حافظ نعیم نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل، رکشا اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے پٹرول // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 14

سکھر تعلیمی بورڈ کے افسر غلام مصطفیٰ کی تقرریوں اور ترقیوں کی تحقیقات کا حکم

محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کی 3 رکنی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم، سروس ریکارڈ، ترقیوں کا جائزہ لیا جائے گا

کراچی (ویب ڈیسک) محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز سندھ نے ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ سکھر کے افسر غلام مصطفیٰ پیرزادہ کی ابتدائی تقرری سے موجودہ عہدے تک تمام ترقیوں، تعیناتیوں اور مکمل سروس ریکارڈ کی چھان بین کیلئے 3 رکنی فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی قائم // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 12

افغانستان پڑوسی ملک پاکستان کیخلاف دہشتگردی کا اہم مرکز بن چکا ہے، رپورٹ

القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جمالیے ہیں، واشنگٹن پوسٹ

اسلام آباد، واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکا کے مؤقر جریدے واشنگٹن پوسٹ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ نائن الیون کے 25 سال بعد افغانستان ایک بار پھر القاعدہ کیلئے ترجیحی مرکز بن رہا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی خصوصی رپورٹ میں کہا گیا کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ نے افغانستان میں کم از کم 8 نئے تربیتی مراکز قائم کیے، طالبان رجیم نے القاعدہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 13

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب شادمان ٹاؤن میں پارک کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کررہے ہیں

دھابیجی پمپنگ سٹیشن پر بجلی کا بریک ڈاؤن، پانی کی فراہمی متاثر ہونے کا خدشہ

بجلی کے بریک ڈاؤن کے نتیجے میں دھابیجی پمپنگ سٹیشن کے مجموعی 21 پمپس میں سے 10 پمپس غیر فعال ہوگئے

کراچی (ویب ڈیسک) دھابیجی پمپنگ سٹیشن پر کے الیکٹرک کے سسٹم میں کیبل فالٹ کے باعث بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوگیا جس کے نتیجے میں مختلف فیڈرز اور پمپس ہاؤسز کی بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ واٹر کارپوریشن کے ترجمان کے مطابق دھابیجی میں صبح 6 بجے بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی جس کے باعث تھرڈ فیڈر، فورتھ فیڈر اور کے تھری پمپس ہاؤس کی بجلی بند ہوگئی۔ بجلی کے بریک ڈاؤن کے نتیجے میں دھابیجی پمپنگ سٹیشن کے مجموعی 21 پمپس میں سے 10 پمپس غیر فعال ہوگئے ہیں // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 16

انجینئرز ملکی دفاع سمیت تمام شعبوں میں ریڑھ کی ہڈی ہیں، گورنر سندھ

جلسہ تقسیم اسناد میں 2262 طلبہ کو گریجویشن، 881 کو ماسٹرز اور 40 اسکالرز کو پی ایچ ڈی کی اسناد تفویض

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ انجینئرز ملک کے دفاع سمیت تمام شعبوں میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، میزائل اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 15

کراچی: گورنر سندھ نہال ہاشمی این ای ڈی یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کررہے ہیں

کراچی پورٹ کی تاریخی کارکردگی، خلیجی تنازع نے نئے تجارتی مواقع پیدا کردیے

کراچی پورٹ نے گزشتہ مالی سال کارگو اور کنٹینرز کی ہینڈلنگ میں تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 55.8 ملین ٹن کی ریکارڈ سطح حاصل کرلی

گزشتہ مالی سال بندرگاہ کی کارگو ہینڈلنگ 53 ملین ٹن سے بڑھ کر 55.8 ملین ٹن تک پہنچ گئی، جو اس کی تاریخ کی بلند ترین سطح ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پورٹ نے گزشتہ مالی سال کارگو اور کنٹینرز کی ہینڈلنگ میں تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 55.8 ملین ٹن کی ریکارڈ سطح حاصل کرلی، جبکہ بندرگاہ پر 2 ہزار 115 بحری جہازوں کی آمد ورفت بھی ریکارڈ کی گئی۔ وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ 138 سال سے پاکستان کی بحری تجارت میں مرکزی کردار ادا کررہا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 19

سابق ایم پی اے جمال صدیقی کی کار کورنگی کراسنگ سے چوری

کار بھائی کے استعمال میں تھی، ریسٹورنٹ سے کھانا کھا کر واپس آیا تو گاڑی غائب تھی، جمال صدیقی

کراچی (ویب ڈیسک) سابق ایم پی اے جمال صدیقی کی کار کراچی کے علاقے کورنگی کراسنگ سے چوری ہوگئی، واقعے کا مقدمہ زمان ٹاؤن تھانے میں درج کرلیا گیا۔ جمال صدیقی کے مطابق کار ان کے بھائی ظہیر الدین کے استعمال میں تھی، جو کورنگی کراسنگ کے قریب ریسٹورنٹ سے کھانا کھانے کے بعد واپس آیا تو کار اپنی جگہ موجود نہیں تھی۔ انہوں نے بتایا کہ بھائی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 17

صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے ایڈوائزری جاری کردی

مشیر گیانچند ایسرانی کا پی ڈی ایم اے اور سندھ ایمرجنسی ریسکیو سروسز 1122 کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں ممکنہ بارشوں کے پیش نظر صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے ایڈوائزری جاری کردی ہے۔ مشیر وزیراعلیٰ سندھ برائے محکمہ بحالی گیانچند ایسرانی نے پی ڈی ایم اے اور سندھ ایمرجنسی ریسکیو سروسز 1122 کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم دے دیا۔ گیانچند ایسرانی نے کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام اداروں کو ضروری اقدامات مکمل رکھنے کا حکم دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے مختلف اضلاع میں 13 سے 16 ستمبر تک وقفے وقفے سے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 18

کراچی رینجرز اور سی ٹی ڈی کی کارروائیاں، دہشتگرد ہلاک

مارا جانے والا فتنہ الخوارج کا دہشتگرد افغان سرحد سے منسلک پاکستانی پوسٹوں پر کئی حملوں میں ملوث رہا، ترجمان رینجرز

ہلاک ہونے والے دہشت گرد کا تعلق خیبر پختونخوا کے شہر باجوڑ سے تھا اور اُس نے 2006ء میں فتنہ الخوارج میں شمولیت اختیار کی تھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے گلبائی شیر شاہ میں خفیہ معلومات پر رینجرز اور سی ٹی ڈی کی کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والا دہشت گرد ہلاک // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 20

اے ٹی ایم سے رقم نکالنے والے شہریوں کو لوٹنے والا ملزم گرفتار

مبینہ ٹاؤن پولیس کی کارروائی، سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے آصف نامی ملزم گرفتار، نقدی برآمد

کراچی (نویب ڈیسک) ایسٹ زون، تھانہ مبینہ ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اے ٹی ایم کے قریب گھات لگا کر رقم نکلوانے والے شہریوں کو لوٹنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت آصف ولد امانت علی کے نام سے ہوئی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 22

ملک کے مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

مہم کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پنجاب، سندھ، اسلام آباد، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق ملک کے 115 مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو کی ذیلی قومی مہم 27 ستمبر تک جاری رہیگی۔ مہم کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انسداد // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 23

نادرا نے سرٹیفکیٹ گھر بیٹھے حاصل کرنے کی سہولت متعارف کرادی

پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے ڈپلیکیٹ سرٹیفکیٹ بھی حاصل کیے جاسکیں گے، نادرا حکام

کراچی (ویب ڈیسک) ڈیجیٹل ڈیٹا میں رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شہریوں کے لیے نئی سہولت متعارف کرادی، جس کے تحت پیدائش، وفات، شادی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 21

منگھوپیر دھرنا، اے آئی جی آزاد خان کی لواحقین سے ملاقات، مذاکرات ناکام

کراچی (نگ) منگھوپیر میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے نوجوان روشم کے لواحقین کا تھانے کے باہر احتجاجی دھرنا چھٹے روز بھی جاری رہا۔ دھرنا ختم کرانے اور مقتول کی تدفین کیلئے اے آئی جی کراچی آزاد خان، ڈی آئی جی عرفان بلوچ اور ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی رات گئے منگھوپیر پہنچے، تاہم مقتول کے ورثا نے قاتلوں کی گرفتاری تک احتجاج ختم کرنے سے انکار کردیا۔ پولیس افسران نے مقتول روشم کے والد روئیداد حسین سے ملاقات کرکے تعزیت کی اور قتل کیس کی تفتیش اور اب تک ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر اے آئی جی آزاد خان نے متعلقہ پولیس حکام کو ملزمان کی جلد گرفتاری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ مقتول کے والد روئیداد حسین نے واضح کیا کہ جب تک روشم کے قتل میں ملوث ملزمان گرفتار نہیں ہوتے، لاش // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 24

دستگیر میں مبینہ غیر قانونی تعمیرات کیخلاف تاحال کارروائی نہ ہوسکی

پلاٹ نمبر 265 اور پلاٹ نمبر 446 پر مبینہ غیر قانونی تعمیرات' شہریوں کی وزیراعلیٰ' وزیر بلدیات اور کمشنر کراچی سے کارروائی کی اپیل

سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی خاموشی سوالیہ نشان ہے' آخر اس غیر قانونی تعمیرات پر کون کارروائی کرنے سے روک رہا ہے؟

کراچی (ویب ڈیسک) دستگیر، ایف بی ایریا بلاک 14، ضلع وسطی کراچی میں پلاٹ نمبر 265 اور پلاٹ نمبر 446 پر مبینہ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف تاحال کوئی موثر کارروائی نہ ہونے پر علاقہ مکینوں میں تشویش بڑھ رہی ہے۔ ذرائع اور مقامی رہائشیوں کے مطابق مذکورہ پلاٹس پر تعمیراتی کام جاری ہے، جبکہ متعلقہ حکام کی مبینہ خاموشی نے کئی سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ دستیاب تصاویر میں زیر تعمیر عمارت کے مختلف حصوں میں تعمیراتی کام، اسٹیل کا سریا، عارضی لکڑی کے سہارے اور دیگر تعمیراتی عناصر واضح طور پر دکھائی دیتے ہیں۔ پروان سے بات کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا ہے کہ گنجان آباد علاقے اور تنگ گلی میں جاری تعمیرات سے نہ صرف شہری سہولیات متاثر ہورہی ہیں بلکہ قریبی رہائشیوں کی حفاظت بھی خطرے میں ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ دونوں پلاٹس کا فوری معائنہ کیا جائے اور یہ معلوم کیا جائے کہ تعمیرات منظور شدہ بلڈنگ پلان، تعمیراتی قوانین اور مطلوبہ اجازت ناموں کے مطابق ہیں یا نہیں۔ قانونی حیثیت کی جانچ کے لیے ٹیم موقع پر بھیجی جائے۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ اگر تحقیقات میں تعمیرات غیر قانونی یا منظور شدہ نقشے کے برعکس ثابت ہوں تو تعمیراتی کام فوری طور پر بند کرایا جائے اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ مبینہ غیر قانونی تعمیرات کس اجازت یا منظوری کے تحت جاری ہیں اور متعلقہ ادارے اب تک کارروائی کرنے میں کیوں ناکام رہے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ قانون کا نفاذ بلاامتیاز ہونا چاہیے اور کسی بھی غیر قانونی تعمیر کو صرف اس وجہ سے نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے کہ اس کے خلاف بروقت کارروائی نہیں کی گئی۔ شہریوں نے ایک بار پھر وزیراعلیٰ سندھ، وزیر بلدیات سندھ اور کمشنر کراچی سے فوری نوٹس لینے اور عملی کارروائی یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔

کراچی: سینٹر فار پیس اینڈ ڈیولپمنٹ انیشی ایٹوز (CPDI) کے زیر اہتمام آگاہی ورکشاپ کے موقع پر لی گئی مختلف تصاویر

ہائیڈروجنیٹڈ آئلز سے دل کے امراض بڑھ رہے ہیں ماہرین صحت

دنیا کے مختلف ممالک میں صنعتی ٹرانس فیٹس کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے گئے، پاکستان میں بھی فوری پابندی لگائی جائے' شہزاد اقبال

سی پی ڈی آئی کے زیر اہتمام "ہائیڈروجنیٹڈ آئلز کے استعمال سے انسانی صحت پر مرتب ہونے والے مضر اثرات سے متعلق ورکشاپ

کراچی (ویب ڈیسک) سینٹر فار پیس اینڈ ڈیولپمنٹ انیشی ایٹوز (CPDI) کے زیر اہتمام "ہائیڈروجنیٹڈ آئلز کے استعمال سے انسانی صحت پر مرتب ہونے والے مضر اثرات اور اس پر پابندی کے لئے میڈیا کا کردار" کے عنوان سے آگاہی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہرین صحت، سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان اور مختلف شعبوں سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں پاکستان میں Partially Hydrogenated Oils (PHOs) یعنی جزوی طور پر ہائیڈروجنیٹڈ آئلز کے استعمال سے انسانی صحت پر مرتب ہونے والے مضر اثرات اور ملک میں ان پر قانون سازی کے ذریعے پابندی عائد کرنے کے حوالے سے میڈیا کے کردار پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے پروگرام منیجر CPDI شہزاد اقبال نے کہا کہ جزوی طور پر ہائیڈروجنیٹڈ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 26

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
مینیجنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

باب المندب پر حوثی کنٹرول کا دعویٰ

یمن کے باغی حوثیوں نے باب المندب پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے اور الخا ائرپورٹ اور یمن کے چھ اہم اضلاع پر قبضہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایران نے اس مبینہ اقدام پر حوثیوں کو مبارکباد دی ہے جبکہ امریکی صدر ٹرمپ نے حوثیوں کے خلاف کارروائی سے انکار کر دیا ہے۔ گذشتہ روز سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی صدر سے ٹیلی فونک رابطے کی دوبارہ کوشش کی تاہم ان کا ٹرمپ سے رابطہ نہ ہوسکا۔ امریکی میڈیا کے مطابق صدر ٹرمپ نے سعودی عرب کو کسی نئے محاذ سے گریز کا مشورہ دیا ہے تاہم سعودی سفارتخانے اور وائیٹ ہاؤس کی جانب سے امریکی صدر کے اس مشورے پر تبصرے سے معذرت کر لی گئی ہے۔ امریکی نیوز ویب سائیٹ ایکسیوس کے مطابق امریکی صدر نے حوثیوں کے خلاف کارروائی کی سعودی ولی عہد اور وزیراعظم محمد بن سلمان کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ یہ درخواست بحیرہ احمر میں حوثیوں سے لاحق خطرے کے تناظر میں کی گئی تھی۔ تاہم امریکی سینٹ کام کے سربراہ سعودی عرب پہنچ گئے ہیں۔ ادھر پاکستان کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے مابین ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے جس کے دوران علاقائی سلامتی کو درپیش خطرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکی کشتی تباہ کرنے کی ویڈیو جاری کر دی ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق خلیجی ملکوں کا اجلاس پیر کے روز عمان میں متوقع ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ یمن کے مسائل کا حل فوجی کشیدگی سے ممکن نہیں۔ اس سلسلہ میں ایران نے مذاکرات کی بحالی کے لئے تعاون کی پیش کش کی۔ یہ امر واقع ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی آج ایک ایسے خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے جہاں کسی ایک محاذ پر بھڑکنے والی چنگاری پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہے۔ یمن کے حوثیوں کی باب المندب کے اہم بحری راستے تک پیش قدمی اور جزیرہ میون (پریم) پر قبضے نے صورتحال کی سنگینی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حوثی فورسز نے یمن کی بحیرہ احمر کی ساحلی پٹی پر اپنی پیش قدمی جاری رکھتے ہوئے اہم بندرگاہ الخا پر بھی قبضہ کیا ہے جبکہ یمنی ذرائع کے مطابق باب المندب کے قریب ذباب اور جزیرہ میون پر بھی حوثیوں کا کنٹرول قائم ہو گیا ہے تاہم باب المندب کے مکمل کنٹرول کے حوثی دعوے کی ابھی باضابطہ طور پر آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہوئی۔

باغِ جناح لاہور: درخت ابھی زندہ ہیں

اکرم چوہدری

لاہور اور ادب کا تعلق دیکھئے اس شہر نے لفظوں کو صرف چھاپا نہیں، جیا ہے یہاں شاعروں نے خواب دیکھے، افسانہ نگاروں نے معاشرے کے پردے اٹھائے، صحافیوں نے حکومتوں سے سوال کیے، فنکاروں نے اسٹیج آباد کیے اور موسیقاروں نے ایسی دھنیں پیدا کیں جو سرحدوں سے بڑی ہوگئیں پاک ٹی ہاؤس جیسی جگہوں کی اصل اہمیت میز اور کرسی میں نہیں تھی اصل چیز گفتگو تھی کوئی شعر سنا رہا ہے کوئی افسانے پر بحث کر رہا ہے کوئی انقلاب لانے نکلا ہوا ہے اور ایک صاحب صرف چائے پی رہے ہیں مگر رائے ہر موضوع پر رکھتے ہیں

یہ بھی لاہور ہے یہاں اردو اور پنجابی ایک دوسرے سے گلے ملتی ہیں ایک ہی گفتگو میں آدمی اردو سے پنجابی اور پنجابی سے اردو میں یوں آتا جاتا ہے جیسے اپنے گھر کے ایک کمرے سے دوسرے میں جا رہا ہو اور محبت کے معاملے میں؟ اس شہر کے بارے میں جانے کتنی محبتیں لکھی گئی ہوں گی کتنی کہانیاں کالجوں کے دروازوں سے شروع ہوئیں کتنے خط کتابوں میں چھپائے گئے کتنے انتظار مال روڈ پر ہوئے کتنی ملاقاتیں باغوں میں، کتنے رشتے خاندانوں نے جوڑے، کتنی محبتیں زمانے نے توڑ دیں اور کتنی ایسی ہوں گی جن کے دو کردار آج سفید بالوں کے ساتھ کہیں بیٹھے اپنے پوتے پوتیوں کو لاہور کی کہانیاں سناتے ہوں، مگر اپنی اصل کہانی نہ سناتے ہوں۔

لاہور شاید اس لیے بھی رومانوی ہے کہ یہاں ماضی کبھی مکمل طور پر گزرتا نہیں، وہ کسی پرانی عمارت، کسی درخت، کسی گلی، کسی کالج، کسی دکان یا کسی خوشبو میں چھپا رہتا ہے آپ برسوں بعد کسی جگہ سے گزریں اور اچانک بیس سال پرانا لاہور سامنے کھڑا ہوجائے یہ شہر یادوں کے معاملے میں بڑا بے رحم ہے جو یاد دلانا چاہے، پوری شدت سے یاد دلاتا ہے مگر لاہور کی تعریف کرتے ہوئے اس کی تکلیف چھپا دینا بھی محبت نہیں ہوگی

ہمارا لاہور زخمی بھی ہوا ہے درخت کٹے، باغ سکڑے، ٹریفک بڑھی، دھواں اس کی سردیوں پر چھا گیا بہت سی تاریخی عمارتیں ہماری بے حسی کا بوجھ اٹھاتی رہیں پرانی گلیوں کی تہذیب کو تجارتی ہنگامے نے جگہ جگہ پیچھے دھکیلا ہم نے ترقی ضرور کی، مگر کبھی کبھی ترقی کی جلدی میں یہ پوچھنا بھول گئے کہ کہیں ہم اپنے شہر کی روح تو پیچھے نہیں چھوڑ رہے؟ میری نظر میں لاہور سے محبت کا امتحان اب یہی ہے لہور لہور اے کہنا آسان ہے، لاہور کو لاہور رہنے دینا مشکل، اگر ہم واقعی اس شہر سے محبت کرتے ہیں تو اس کے درخت بچانے ہوں گے اس کی ہوا صاف کرنی ہوگی اس کے ورثے کو محض سیاحتی تصویر نہیں بلکہ اپنی شناخت سمجھنا ہوگا پنجابی زبان کو احساسِ کمتری سے نکال کر محبت سے بولنا ہوگا اپنی پرانی وضع داری، پڑوسی داری اور مہمان نوازی کو جدید زندگی کی نذر ہونے سے بچانا ہوگا کیونکہ عمارتیں محفوظ کر کے بھی تہذیب کھوئی جاسکتی ہے۔

تہذیب انسانوں کے رویوں میں زندہ رہتی ہے میرے نزدیک لاہور کی سب سے قیمتی روایت یہی ہے کہ اس شہر میں انسان کے لیے جگہ رہی ہے نئے آنے والے کے لیے بھی، پردیسی کے لیے بھی، طالب علم کے لیے بھی، فنکار کے لیے بھی، مزدور کے لیے بھی، خواب دیکھنے والے کے لیے بھی۔ لاہور نے ہمیشہ لوگوں کو اپنے اندر سمویا اور پھر بڑی معصومیت سے انہیں لاہوری قرار دے دیا شاید اسی لیے لاہور میں پیدا ہونا ضروری نہیں، لاہور سے محبت ہوجانا کافی ہے

آج جب زندگی مہنگی ہے، خبریں خوفناک ہیں، لوگ تھکے ہوئے ہیں اور ہر شخص اپنے حصے کی کوئی نہ کوئی پریشانی اٹھائے پھر رہا ہے، مجھے لگتا ہے ہمیں اپنے شہروں سے دوبارہ محبت کرنا سیکھنا چاہیے کبھی کسی پرانے دوست کو بلاوجہ فون کریں کسی بزرگ کے پاس بیٹھ کر پرانے لاہور کی کہانی سنیں کسی شام موبائل جیب میں ڈال کر شہر کی کسی پرانی سڑک پر چلیں، گھر آئے مہمان کو جلدی رخصت کرنے کے بجائے ایک کپ چائے اور پلادیں پڑوسی کے دروازے پر دستک دے دیں، اپنے بچوں کو صرف لاہور کی بڑی عمارتیں نہ دکھائیں، انہیں لاہور کی وضع داری بھی سکھائیں انہیں بتائیں کہ ہمارے ہاں مہمان دروازے پر آئے تو چہرہ کھل جاتا تھا دسترخوان چھوٹا ہوتو دل بڑا کیا جاتا تھا اور تعلق میں حساب کتاب نہیں رکھا جاتا تھا۔

شہر اسی طرح نسلوں تک زندہ رہتے ہیں ورنہ سڑکیں چوڑی ہوتی جاتی ہیں اور دل تنگ، عمارتیں اونچی ہوتی جاتی ہیں اور تعلق چھوٹے، لاہور کو اس انجام سے بچانا ہے کیونکہ ہمیں صرف ایک ترقی یافتہ لاہور نہیں چاہیے ہمیں دل والا لاہور بھی چاہیے وہ لاہور جو کسی اجنبی کو راستہ بتاتے ہوئے اپنا سمجھ لے، جو مہمان کے سامنے گھر کا بہترین کھانا رکھ دے، جو دکھ میں کندھا دے، خوشی میں ڈھول بجائے، محفل میں شعر سنائے، بحث میں آواز اونچی کردے مگر جاتے ہوئے گلے بھی لگالے اور رات گئے دوست کو رخصت کرتے ہوئے ایک بار ضرور کہے چائے ہور نئیں پینی؟

دنیا میں خوبصورت شہر بہت ہیں کسی کے پاس سمندر ہے، کسی کے پاس پہاڑ، کسی کے پاس فلک بوس عمارتیں، لاہور کے پاس بھی عمارتیں ہیں، باغ ہیں، تاریخ ہے، کھانے ہیں، مگر لاہور کی سب سے بڑی دولت شاید ان میں سے کوئی نہیں، لاہور کے پاس دل ہے اور جس شہر کے پاس دل ہو، اسے صرف دیکھا نہیں جاتا اس سے تعلق بن جاتا ہے اسی لیے مشہور بات ہے جنے لہور نئیں ویکھیا، او جمیا ای نئیں، مگر میں اس میں اپنی طرف سے ایک سطر شامل کرنا چاہوں گا لاہور دیکھ لینے سے بات مکمل نہیں ہوتی، لاہور کو سمجھنے کے لیے کسی لاہوری کے ساتھ بیٹھنا پڑتا ہے، اس کے ساتھ ہنسنا پڑتا ہے، اس کے دسترخوان پر کھانا پڑتا ہے اور اس شہر کی کسی پرانی گلی میں اپنی کوئی یاد چھوڑنی پڑتی ہے تب معلوم ہوتا ہے کہ لاہور آخر لاہور کیوں ہے اور تب شاید آپ بھی یہی کہیں عشق اگر انسان ہوتا تو شاید اس کا دل لاہوری ہوتا، اور عشق اگر شہر ہوتا تو لاہور ہوتا۔

جنگ صرف میدانِ جنگ میں

چوہدری اکرم

دنیا اس وقت ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑی ہے جہاں جنگ صرف میدانِ جنگ میں نہیں لڑی جا رہی۔ کہیں میزائل بول رہے ہیں، کہیں معاشی پابندیاں ہتھیار بن رہی ہیں، کہیں توانائی اور سمندری راستے دباؤ کا ذریعہ ہیں اور کہیں بڑی طاقتوں کی خاموش صف بندی مستقبل کے کسی بڑے تصادم کا اندیشہ پیدا کر رہی ہے ایسے ماحول میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا ایران کا دورہ محض دو ہمسایہ ممالک کے درمیان معمول کی ملاقات نہیں، بلکہ پاکستان کی سفارتی صلاحیت، علاقائی اہمیت اور عالمی امن کے لیے ممکنہ کردار کا ایک اہم امتحان ہے۔

پاکستان کی جانب سے اس دورے کا بنیادی مقصد مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے پرامن، دیرپا اور جامع حل کی کوششوں کو آگے بڑھانا بتایا گیا ہے۔ یہ مقصد کاغذ پر چند الفاظ میں بیان کیا جاسکتا ہے، مگر موجودہ عالمی حالات میں اسے حقیقت میں بدلنا دنیا کے مشکل ترین سفارتی کاموں میں سے ایک ہے۔

مشرقِ وسطیٰ میں اب کوئی بحران مکمل طور پر الگ تھلگ نہیں رہا ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی ہو، ایران اور اسرائیل کی مخاصمت، فلسطین کا سلگتا ہوا مسئلہ، خلیج کی سلامتی یا اہم سمندری راستوں پر منڈلاتے خطرات ایک محاذ کی آگ دوسرے محاذ تک پہنچ سکتی ہے یہی وہ پس منظر ہے جس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران پہنچے ہیں۔

پاکستان کا جغرافیہ ہمیشہ سے اس کی قسمت بھی رہا ہے اور امتحان بھی ایک طرف ایران اس کا ہمسایہ ہے دونوں ممالک ایک طویل سرحد، تاریخی تعلقات، تجارت، سلامتی اور عوامی روابط سے جڑے ہیں دوسری طرف پاکستان کے امریکا، چین، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، ترکی اور دیگر اہم ممالک کے ساتھ اپنے الگ اور گہرے تعلقات ہیں۔ یہ پیچیدہ تعلقات پاکستان کے لیے مشکل ضرور پیدا کرتے ہیں، لیکن یہی اس کی سفارتی طاقت بھی بن سکتے ہیں۔

اگر اسلام آباد تہران سے اعتماد کے ساتھ بات کرسکتا ہے، واشنگٹن سے رابطہ رکھتا ہے، بیجنگ کے ساتھ اسٹریٹجک تعلق رکھتا ہے اور ریاض و ابوظبی کے ساتھ قریبی روابط قائم رکھتا ہے تو یہ صرف خارجہ تعلقات کی ایک فہرست نہیں۔ دانشمندانہ حکمت عملی کے تحت یہی تعلقات پاکستان کا سفارتی سرمایہ بن سکتے ہیں پاکستان کو کسی ایک فریق کی زبان بولنے کے بجائے امن کی زبان بولنی چاہیے۔ یہ غیر جانب داری بے حسی کا نام نہیں۔ اس کا مطلب یہ ہونا چاہیے کہ پاکستان جنگ کے پھیلاؤ کی مخالفت کرے، شہری جانوں کے تحفظ کی بات کرے، ریاستوں کی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کا احترام چاہے اور ہر اس دروازے کو کھلا رکھنے کی کوشش کرے جہاں سے مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہوں۔ ثالث وہ نہیں ہوتا جو ہر فریق سے متفق ہو۔ مؤثر ثالث وہ ہوتا ہے جس سے مخالف فریق بھی بات کرنے کو تیار ہوں یہی اس دورے کی اصل اہمیت ہے

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تہران میں موجودگی کو صرف عسکری زاویے سے دیکھنا موجودہ صورتِ حال کی پوری تصویر نہیں دکھاتا۔ پاکستان کے ریاستی ڈھانچے میں سلامتی اور خارجہ پالیسی کے کئی معاملات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، خصوصاً جب معاملہ ایران جیسے اہم ہمسایہ ملک، سرحدی سلامتی اور وسیع تر علاقائی کشیدگی کا ہولیکن یہاں ایک بنیادی اصول کبھی نہیں بھولنا چاہیے۔ کسی اعلیٰ سطحی دورے کو اس کے آغاز ہی میں تاریخی کامیابی قرار دینا صحافتی دیانت نہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ اس دورے کے بعد کیا تبدیل ہوتا ہے۔ کیا رابطے کے نئے راستے کھلتے ہیں؟ کیا متحارب فریقوں کے درمیان غلط فہمیاں کم ہوتی ہیں؟ کیا کشیدگی کو مزید بڑھنے سے روکنے میں مدد ملتی ہے؟ اور کیا پاکستان ایک ایسے قابلِ اعتماد رابطہ کار کے طور پر جگہ بنا پاتا ہے جس کی بات مختلف دارالحکومتوں میں سنی جائے؟ ان سوالات کے جواب آنے والے وقت میں ملیں گے۔ سفارت کاری تصویروں اور مصافحوں سے شروع ضرور ہوسکتی ہے، مگر اس کی کامیابی نتائج سے ناپی جاتی ہے۔

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا فیلڈ مارشل کے ساتھ ایران جانا بھی محض پروٹوکول کا معاملہ نہیں سمجھا جانا چاہیے پاکستان اور ایران کے تعلقات صرف وزارتِ خارجہ تک محدود نہیں دونوں ممالک طویل سرحد رکھتے ہیں اور سرحد کے دونوں جانب امن کا براہ راست تعلق داخلی سلامتی سے ہے دہشت گردی، سمگلنگ، غیر قانونی آمدورفت، زائرین کی نقل و حرکت، سرحدی انتظام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون ایسے معاملات ہیں جن میں وزارتِ داخلہ کا کردار بنیادی نوعیت اختیار کر جاتا ہے محسن نقوی حالیہ عرصے میں داخلی سلامتی اور علاقائی رابطوں کے معاملات میں متحرک دکھائی دیتے ہیں ایران میں ان کی موجودگی اسی عملی پہلو کو نمایاں کرتی ہے تاہم یہاں بھی پیمانہ وہی ہونا چاہیے

اگر ان رابطوں سے پاکستان ایران سرحد زیادہ محفوظ ہوتی ہے، دہشت گرد عناصر کے خلاف معلومات کا تبادلہ بہتر ہوتا ہے، زائرین اور قانونی آمدورفت کے نظام میں سہولت پیدا ہوتی ہے اور دونوں ممالک کے اداروں کے درمیان اعتماد بڑھتا ہے تو یہ ایسی کامیابی ہوگی جس کا فائدہ صرف سرکاری فائلوں میں نہیں بلکہ عام شہری تک پہنچے گا۔ سرگرمی قابل ذکر ہوتی ہے، مگر کامیابی کا فیصلہ ہمیشہ عملی اثر کرتا ہے۔

پاکستان کی امن کوشش کو سمجھنے کے لیے تہران سے نگاہ اٹھا کر پوری دنیا کے نقشے کو دیکھنا ضروری ہے یورپ میں روس اور یوکرین کا تنازع عالمی سلامتی کے نظام کو گہرے دباؤ میں ڈال چکا ہے مشرقِ وسطیٰ مسلسل بے یقینی کا شکار ہے فلسطین کا مسئلہ انسانی المیے کے ساتھ ساتھ عالمی سیاست کے دوہرے معیار پر بھی مسلسل سوال اٹھا رہا ہے ایران، اسرائیل اور امریکا کے درمیان کشیدگی پورے خطے کو ایک بڑے تصادم کی طرف دھکیلنے کی صلاحیت رکھتی ہے دوسری طرف امریکا اور چین کے درمیان مقابلہ صرف تجارت تک محدود نہیں رہا۔ ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سیمی کنڈکٹرز، عالمی تجارت، بحری طاقت اور ایشیا پیسفک میں اثرورسوخ اس مسابقت کے نئے میدان ہیں۔

ترقیاتی ترجیحات اور پاک برطانیہ تعاون کی نئی جہتیں

محمود خان

پاکستان کی معاشی و سماجی ترقی کے لیے مؤثر منصوبہ بندی، مضبوط ادارہ جاتی نظام، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور مقامی سطح پر اختیارات کی منتقلی بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔ بدلتے ہوئے عالمی حالات، موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات، آبادی میں مسلسل اضافے اور انسانی ترقی کے چیلنجز نے پاکستان کے لیے یہ ضرورت بڑھا دی ہے کہ ترقیاتی پالیسیوں کو محض بڑے منصوبوں تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں عام شہری کی زندگی میں حقیقی بہتری کا ذریعہ بنایا جائے۔ اسی تناظر میں وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال اور برطانوی ہائی کمیشن کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سیم والڈاک کے درمیان ملاقات کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ ملاقات میں پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات، ادارہ جاتی اصلاحات اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان ترقی، انسانی وسائل، موسمیاتی لچک اور گورننس جیسے اہم شعبوں تک وسعت دینے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے لیے بین الاقوامی شراکت داری اسی وقت زیادہ نتیجہ خیز ثابت ہوتی ہے جب اس کا مرکز عوامی فلاح، اداروں کی مضبوطی اور پائیدار ترقی ہو۔ وفاقی وزیر نے 18ویں آئینی ترمیم کے بعد مقامی طرزِ حکمرانی کو مزید مضبوط بنانے اور اضلاع کو وسائل و اختیارات کی منتقلی میں اضافہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ کسی بھی ملک میں ترقی کا عمل اس وقت زیادہ مؤثر ہوتا ہے جب فیصلے عوام کے قریب کیے جائیں اور مقامی حکومتوں کو اپنے علاقوں کی ضروریات کے مطابق منصوبہ بندی اور وسائل استعمال کرنے کے مناسب اختیارات حاصل ہوں۔ مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے سے نہ صرف ترقیاتی منصوبوں کی ترجیحات مقامی ضروریات کے مطابق طے کی جاسکتی ہیں بلکہ وسائل کے استعمال میں شفافیت اور عوامی نگرانی بھی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے اختیارات کی منتقلی کے ساتھ ساتھ مالی وسائل، انتظامی صلاحیت، تربیت اور احتساب کا مؤثر نظام بھی ضروری ہے۔ پروفیسر احسن اقبال نے حکومت کے اڑان پاکستان پروگرام کے تحت فائیو ایز فریم ورک کو بھی اجاگر کیا۔ پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے برآمدات میں اضافہ، نئی منڈیوں تک رسائی، انسانی وسائل کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کا فروغ اور پیداواری صلاحیت میں بہتری ناگزیر ہے۔ موجودہ عالمی معیشت میں وہی ممالک تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں جو اپنی مصنوعات اور خدمات کو عالمی منڈیوں میں مسابقت کے قابل بناتے ہیں۔ پاکستان برآمدات کے شعبوں کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی، آئی ٹی، انجینئرنگ، زرعی مصنوعات، سمندری معیشت اور ویلیو ایڈڈ صنعتوں میں اپنی موجودگی مضبوط کرے۔ اس سلسلے میں برطانیہ کے ساتھ تعاون پاکستان کے لیے مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ برطانیہ ایک اہم عالمی معاشی مرکز ہے اور اس کے ساتھ تجارتی و اقتصادی روابط کو مزید وسعت دے کر پاکستانی مصنوعات کے لیے نئی منڈیوں کے امکانات پیدا کئے جاسکتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی بھی پاکستان کے ترقیاتی ایجنڈے کا ایک اہم حصہ بن چکی ہے۔ سیلاب، شدید بارشیں، خشک سالی، گرمی کی لہریں اور دیگر موسمیاتی خطرات نہ صرف انسانی زندگیوں بلکہ زراعت، انفراسٹرکچر، معیشت اور صحت کے نظام کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں موسمیاتی لچک پیدا کرنا محض ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ قومی ترقی اور معاشی استحکام کا بنیادی تقاضا ہے۔ برطانوی ہائی کمیشن کے ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر سیم والڈاک کی جانب سے موسمیاتی لچک، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے مطابقت پیدا کرنے کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کی آمادگی اس حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان کو قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے جدید پیشگی اطلاع کے نظام، مضبوط انفراسٹرکچر، بہتر شہری منصوبہ بندی، پانی کے مؤثر انتظام اور مقامی سطح پر ہنگامی ردعمل کی صلاحیت بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح انسانی ترقی کے شعبے میں بھی پاکستان کو طویل المدتی اور جامع حکمت عملی درکار ہے۔ وفاقی وزیر کی جانب سے آبادی کی منصوبہ بندی، وسائل کی منصفانہ تقسیم سے متعلق اقدامات کی اہمیت اجاگر کرنا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ترقی کو صرف معاشی اعداد و شمار سے نہیں بلکہ انسانی فلاح کے پیمانے سے بھی دیکھا جانا چاہیے۔ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان ترقیاتی تعاون کے امکانات وسیع ہیں۔ اگر برطانیہ کی تکنیکی مہارت اور پاکستان کی مقامی ضروریات کو مؤثر منصوبہ بندی کے ساتھ یکجا کیا جائے تو موسمیاتی تبدیلی، انسانی ترقی، گورننس، تعلیم، صحت اور برآمدات جیسے شعبوں میں پیش رفت ممکن ہے۔ مجموعی طور پر احسن اقبال اور سیم والڈاک کی ملاقات اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات اب ایک وسیع تر اور مربوط فریم ورک کی طرف بڑھ رہی ہیں،

جس میں معاشی ترقی کے ساتھ انسانی ترقی، موسمیاتی تحفظ، مقامی حکمرانی اور ادارہ جاتی اصلاحات کو بھی مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ اگر ترقیاتی پالیسیوں کو مضبوط مقامی حکومت، مؤثر اداروں، بہتر انسانی وسائل، موسمیاتی لچک اور عالمی منڈیوں سے مضبوط روابط کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو پاکستان نہ صرف اپنے موجودہ مسائل پر قابو پا سکتا ہے بلکہ ایک زیادہ مستحکم، خودکفیل اور پائیدار معیشت کی بنیاد بھی رکھ سکتا ہے۔ پاک برطانیہ تعاون اس سفر میں معاون ثابت ہوسکتا ہے، جس کے ثمرات عام شہری کی زندگی تک پہنچیں۔

شہر قائد

مقامی حکومتی محکمے نظام آباد، کراچی میں سڑک کی کارپٹنگ کی تعمیر کی نگرانی کر رہے ہیں

سائٹ میں ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع کردیا

سندھ حکومت نے صنعتی زونز کیلئے مجموعی طور پر 11 ارب 25 کروڑ کی خصوصی گرانٹ مختص کی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان میئر کراچی و کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کی خصوصی مالی معاونت سے سائٹ سپر ہائی وے صنعتی علاقے میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے منصوبوں پر عملی کام شروع کر دیا گیا ہے جبکہ تمام ترقیاتی سرگرمیاں مقررہ رفتار کے ساتھ جاری رکھتے ہوئے 15 دسمبر سے قبل مکمل کرلی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی علاقوں میں انفرااسٹرکچر کی بہتری براہ راست صنعتی سرگرمیوں، کاروباری مواقع اور شہر کی معاشی رفتار سے جڑی ہوئی ہے، اس لیے ان منصوبوں کو محض تعمیراتی سرگرمی نہیں بلکہ کراچی کی صنعتی بحالی کی بنیاد سمجھا جانا چاہیے۔ ترجمان میئر کراچی کرم اللہ وقاصی نے بتایا کہ سندھ حکومت نے کراچی کے سات صنعتی زونز میں ترقیاتی ضروریات پوری کرنے کے لیے مجموعی طور پر 11 ارب 25 کروڑ روپے کی خصوصی گرانٹ مختص کی ہے اور یہ رقم متعلقہ صنعتی علاقوں کے اکاؤنٹس میں منتقل کردی گئی ہے۔ ان کے مطابق سائٹ سپر ہائی وے صنعتی علاقے کے لیے 70 کروڑ روپے فراہم کیے گئے ہیں، جس سے وہاں بنیادی سہولتوں اور ضروری ترقیاتی کاموں کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ اس مالی معاونت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ صنعتکاروں کو اپنے علاقوں کی ترقیاتی ترجیحات طے کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق صنعتکار برسوں سے اپنے علاقوں کی زمینی ضروریات سے واقف ہیں، اس لیے حکومت نے یہ مناسب سمجھا کہ ترقیاتی منصوبوں کے انتخاب میں انہیں فیصلہ سازی کا حصہ بنایا جائے۔ اس طریقہ کار سے ایسے منصوبوں کو ترجیح دی جاسکے گی جو صنعتی علاقوں میں روزمرہ مسائل کے حل اور کاروباری سرگرمیوں کے تسلسل کے لیے زیادہ ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں کو براہ راست ترقیاتی فنڈز فراہم کرکے اپنی ترجیحات کے مطابق منصوبے مکمل کرانے کا اختیار دینا پاکستان میں اپنی نوعیت کا منفرد اقدام ہے۔ ان کے مطابق اس طرزِ عمل سے نہ صرف سرکاری وسائل کے استعمال میں شفافیت اور ضرورت کی بنیاد پر ترجیحات طے کرنے کا موقع ملتا ہے۔

کشمیری عوام اور پاکستانیوں کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں، سردار عبدالرحیم

حر تحریک کی برطانوی استعمار کے خلاف جدوجہد سندھ کی تاریخ کا ایک روشن باب ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم سے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حلقہ ایل اے 30 چار بٹیاں، دوپٹہ سے رکن اسمبلی، چیئرمین گجر یوتھ فورم کراچی ڈویژن و چیئرمین قومی امن فورس کمیٹی آزاد کشمیر چودھری مقبول گجر نے مسلم لیگ فنکشنل ہاس کلفٹن میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے صدر لیبر ونگ سید ولی وارثی، جنرل سیکریٹری لیبر ونگ شکیل، جنرل سیکریٹری کراچی ڈویژن انور عظیم، نائب صدر لیبر ونگ کراچی ڈویژن نوید سمانہ سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران آزاد کشمیر کی موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل، سیاسی استحکام، جمہوری عمل اور کشمیری عوام کے جائز مطالبات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ اور حر جماعت کے روحانی پیشوا پیر صبغت اللہ شاہ المعروف پیر پگارا اور پگارا خاندان کی قومی جدوجہد و سیاسی روایت کا بھی خصوصی ذکر کیا گیا۔ شرکا نے کہا کہ پگارا خاندان کی تاریخ قربانی، ایثار، قومی وقار اور اصولوں پر ثابت قدمی سے عبارت ہے۔ شرکا نے کہا کہ سورھیہ بادشاہ المعروف پیر پگارا شہید کی قیادت میں حر تحریک کی برطانوی استعمار کے خلاف جدوجہد سندھ کی تاریخ کا ایک روشن باب ہے، جبکہ اسی قومی روایت کے تسلسل میں آج پیر پگارا پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کی قیادت کرتے ہوئے پاکستان کی مضبوطی، قومی یکجہتی، جمہوری اقدار اور عوامی حقوق کے لیے اپنا سیاسی کردار ادا کر رہے ہیں۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل اور پگارا خاندان کشمیری عوام کی لازوال قربانیوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ کشمیری عوام نے اپنے حقوق اور سیاسی مستقبل کے لیے نسل در نسل جو قربانیاں دی ہیں، وہ پوری پاکستانی قوم کے لیے قابل احترام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر کا رشتہ کسی وقتی سیاسی مفاد کا محتاج نہیں بلکہ یہ کلمہ طیبہ، ایمان، اخوت و بھائی چارے، مشترکہ تاریخ اور لازوال قربانیوں کا رشتہ ہے۔

قائداعظم محمد علی جناح قوم کے محسن ہیں، صادق شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) سینٹرل ایگزیکٹیو کونسل کے رکن و چوہدری شجاعت حسین لورز پاکستان کے بانی و مرکزی صدر محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناح قوم کے محسن ہیں زندہ قومیں اپنے محسنوں پر ہمیشہ فخر کرتی ہیں۔ بانی پاکستان، بابائے قوم اور برصغیر کے عظیم رہنما قائدِ اعظم محمد علی جناح کا 78واں یوم وفات ملک بھر میں عقیدت واحترام اور قومی جذبے کے ساتھ منا کر یہ ثابت کردیا ہے، کہ قائدِ اعظم کی قومی خدمات، سیاسی بصیرت، اصول پسندی اور قیامِ پاکستان کے لیے انتھک جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائدِ اعظم نے مسلمانوں کے سیاسی، معاشرتی اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے طویل جدوجہد کی۔ وہ 1913 سے قیامِ پاکستان تک آل انڈیا مسلم لیگ کی قیادت کرتے رہے اور مسلمانوں کو ایک منظم سیاسی قوت بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ ان کی مدبرانہ قیادت میں برصغیر کے مسلمانوں نے ایک الگ وطن کے حصول کی جدوجہد کو منظم کیا، جس کے نتیجے میں 14 اگست 1947 کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد قائدِ اعظم نے نومولود مملکت کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے انتہائی مشکل حالات میں ریاستی امور کی بنیاد رکھنے کا فریضہ انجام دیا۔ انہوں نے 15 اگست 1947 کو پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کا منصب سنبھالا اور 11 ستمبر 1948 تک اس منصب پر فائز رہے۔ قیامِ پاکستان کے ابتدائی دنوں میں ملک کو بے شمار مشکلات کے باوجود۔ لاکھوں مہاجرین کی آبادکاری، انتظامی ڈھانچے کی تشکیل، معاشی مسائل اور ریاستی اداروں کے قیام جیسے بڑے چیلنجز درپیش تھے۔ قائدِ اعظم نے اپنی علالت کے باوجود ان تمام معاملات پر بھرپور توجہ دی اور نئی ریاست کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے شب و روز کام کیا۔ محمد صادق شیخ نے کہا کہ قائدِ اعظم کی سیاسی زندگی کا بنیادی وصف اصول پسندی، دیانت داری، نظم و ضبط، آئینی جدوجہد اور قومی یکجہتی تھا۔ ان کا تصورِ پاکستان ایسا معاشرہ تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں اور اقلیتوں سمیت ہر شہری کو اپنے مذہب اور عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہو۔

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب آئی ٹی پارک کا افتتاح کر رہے ہیں

سندھ بھر سے

سیکریٹری اطلاعات سندھ کاشف گلزار شیخ کی زیر صدارت اجلاس

میڈیا سے مؤثر رابطہ کاری اور محکمہ کی مجموعی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے امور کا جائزہ

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) صوبائی سیکریٹری اطلاعات حکومت سندھ کاشف گلزار شیخ کی زیر صدارت ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن حیدرآباد میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ اطلاعات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، مرحلہ وار ڈیجیٹل بنانے، افسران کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے، میڈیا سے مؤثر رابطہ کاری اور محکمہ کی مجموعی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ قبل ازیں ڈائریکٹر اطلاعات حیدرآباد شہزاد احمد شیخ اور ڈائریکٹوریٹ کے دیگر افسران نے صوبائی سیکریٹری اطلاعات کاشف گلزار شیخ، ڈائریکٹر اشتہارات محمد یوسف کابورو اور اطلاعات افسر اشتہارات ذوالفقار علی کھوسو کا استقبال کیا۔ اجلاس میں ڈویژنل وضلعی محکمہ اطلاعات کے افسران نے اپنی کارکردگی پیش کی اور محکمہ کو درپیش مسائل سے صوبائی سیکریٹری اطلاعات کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل میڈیا ظفر علی منگی اور ثوبیہ سلیم نے ڈیجیٹل ذرائع ابلاغ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی سیکریٹری اطلاعات کاشف گلزار شیخ نے کہا کہ حکومت سندھ نے محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے محکمہ اطلاعات کو مرحلہ وار ڈیجیٹل بنانے کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے حکومتی اقدامات، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاحی سرگرمیوں سے متعلق معلومات عوام تک بروقت، مؤثر اور جامع انداز میں پہنچائی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق محکمہ اطلاعات کے افسران اور عملے کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اس سلسلے میں پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا، رپورٹنگ اور ابلاغ عامہ کے شعبوں میں خصوصی تربیتی پروگرام مرتب کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ صوبائی سیکریٹری اطلاعات نے ہدایت کی کہ ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کی سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور حکومت سندھ کے فلاحی اقدامات کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے۔ انہوں نے بروقت اور درست رپورٹنگ، میڈیا سے بہتر رابطہ کاری اور محکمہ اطلاعات کی بنیادی ذمہ داریوں کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا۔

ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شمیر بھٹو کی صدارت میں اجلاس

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) چیئرمین بورڈ آف گورنرز و ڈویژنل کمشنر شمیر بھٹو کی صدارت میں کمشنر کمیٹی ہال میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر قومی اسمبلی میر منور تالپر، ضلع کونسل چیئرمین میر انور تالپر سمیت بورڈ آف گورنر کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں میر شبیر محمد پبلک اسکول میرپورخاص کے فنڈز بڑھانے، پبلک اسکول میرپورخاص کی زمینیں خالی کروانے اور دیگر معاملات پر تفصیلی بحث کیا گیا۔

آئی بی اے ٹیسٹ پاس امیدوار حیدرآباد پریس کلب پر احتجاج کر رہے ہیں

کشمیر اسمبلی انتخابات: میرپورخاص میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کامیاب

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں ضلع میرپورخاص کے گورنمنٹ کمپری ہینسو ہائر سیکنڈری اسکول میں قائم مرد و خواتین کے مشترکہ پولنگ اسٹیشن پر کشمیر سے تعلق رکھنے والے رجسٹرڈ مرد و خواتین ووٹروں نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ پولنگ کا عمل ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر و ریٹرننگ آفیسر خالد خان لونڈ کی نگرانی میں پرامن ماحول میں مکمل ہوا۔ اس موقع پر پولیس کی جانب سے سخت سیکیورٹی انتظامات کیے گئے تھے۔ دو نشستوں پر ہونے والے مقابلوں میں پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کے درمیان کانٹے دار مقابلہ دیکھنے میں آیا۔ حلقہ ایل اے 34- کشمیر ویلی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار عامر عبدالغفار نے 55 ووٹ حاصل کرکے کامیابی حاصل کی، جبکہ ان کے مدمقابل پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار وارث نعیم خان صرف 3 ووٹ حاصل کر سکے۔ اسی طرح ایل اے 40- جموں کی نشست پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ناصر حسین ڈار نے 21 ووٹ حاصل کرکے کامیابی اپنے نام کی، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار چوہدری عبدالقدیر چوہان نے 19 ووٹ حاصل کیے۔ حلقہ ایل اے 34- کشمیر ویلی میں مجموعی طور پر 60 ووٹ کاسٹ ہوئے، جن میں 26 خواتین اور 34 مرد ووٹر شامل تھے۔ جبکہ ایل اے 40- جموں میں 40 ووٹ ڈالے گئے، جن میں 18 خواتین اور 22 مرد ووٹرز نے حق رائے دہی استعمال کیا۔

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کردیے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔

یوسی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کا مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یوسی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کا مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ، نکاسی آب کا عملہ الرٹ، بارش کا جمع پانی بروقت نکال دیا گیا، شہریوں کو ریلیف تفصیلات کے مطابق برسات کے دوران یوسی چیئرمین حاجی محمد علی نے یونین کونسل 8 کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ کرکے نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے بروقت تیار رہنے اور نکاسی آب کے کاموں میں کسی قسم کی غفلت نہ برتنے کی ہدایت کی۔ حاجی محمد علی کی ہدایات پر نکاسی آب کے عملے کی چھٹیاں منسوخ کرکے انہیں الرٹ رہنے کا حکم دیا گیا۔

حیدرآباد: پروگیسو فاؤنڈیشن کی جانب سے آگاہی واک کی جا رہی ہے

انٹرنیشنل پیس کانفرنس: سندھ کی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اجلاس طلب

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام سندھ کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈھڑ نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل پیس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے جے یو آئی سندھ کی تمام کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس 13 ستمبر بروز اتوار، دوپہر 12 بجے، مرکز باب الاسلام، سکھر میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی تیاریوں، انتظامی امور، مختلف کمیٹیوں کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امن عالم اجتماع ایک اہم عالمی پیغام کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، انسانی اقدار اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔ جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے کہا کہ کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے تمام شعبوں کے درمیان مربوط رابطہ اور باہمی ی بی بی بی تعاون ضروری ہے۔

کاشف سعید شیخ کی اپیل پر احتجاجی مظاہرے کئے گئے

میرپورخاص (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی صوبہ سندھ کاشف سعید شیخ کی اپیل پر میرپورخاص میں ظالمانہ بجلی ٹیکسز لوڈ شیڈنگ اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی ردوبدل کے مطابق قیمتیں کم نہ کرنے کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرے۔ احتجاجی مظاہروں سے جماعت اسلامی کے مقامی ذمہ داران اور یوسی عہدے داران کا خطاب۔ امیر جماعت اسلامی میرپورخاص شکیل احمد فہیم نے اہلیان میرپورخاص سے اپیل کی۔

بقیہ 1

نئے صوبوں کے پراجیکٹ پر مبینہ طور پر مسلم لیگ (ن) سے گفتگو ہوئی ہوگی، اگر پراجیکٹ بنانے والوں نے (ن) لیگ سے بات کی اور ہم نے اسے متعارف نہیں کروایا تو لکھ لے کر کھڑے نہیں ہوسکتے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، (ن) لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، پنجاب میں (ن) لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے یا لاہور کے ساتھ رکھنے کی تجاویز موجود ہیں، صوبوں کی تقسیم کے حق میں (ن) لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروادیا گیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ پس پردہ گفتگو ہو رہی ہوگی، بانی پی ٹی آئی سے پس پردہ گفتگو اپنانے کی ایک قیمت ہے، قیمت چکانا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف مسلح ہوکر اسلام آباد آنے کی تیاری کر رہی ہے، فتنہ الخوارج مبینہ طور پر بھارت کے اسپانسرڈ ہیں، فتنہ الخوارج پی ٹی آئی کی ریلی کو ہدف بنا کر حکومت اور عوام میں دوری پیدا کر سکتے ہیں، تحریک انصاف کا احتجاج لگے تو کری ہوجائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کریں گے تو ان سے جواب لے لیں گے، وفاقی وزیر شیخ قیصر میرے سامنے ہر دوسرے دن شہباز شریف سے ملتے ہیں، شیخ قیصر کے اعتراضات یا شہباز شریف سے ملاقات نہ ہونے کی مجھے سمجھ نہیں آرہی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کچھ چیزیں غور و خوض کے لیے ہوتی ہیں، ہر چیز پبلک نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ 2

اعظم شہباز شریف نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کیلئے خصوصی سکیم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگچی سمیت دو پہیوں اور تین پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ بیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دیا جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں یعنی 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ تیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا جبکہ پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جا، اس خصوصی ریلیف سکیم کی رجسٹریشن کا اجراء اتوار سے کر دیا گیا ہے، جس کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سکیم میں رجسٹریشن کیلئے موٹر سائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں کی معلومات فراہم کرنے کے حوالے سے تعاون پر صوبوں کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 3

سے پٹرولیم لیوی پر مذاکرات منگل جبکہ آئی پی پیز پر بدھ کو ہوں گے۔

بقیہ 4

جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق پٹرول پر 80 روپے فی لیٹر لیوی کے علاوہ 5 روپے فی لیٹر کاربن سرچارج، 7 روپے 60 پیسے انفراسٹرکچر فریٹ اینڈ مارجن، 7 روپے 87 پیسے ڈسٹرکٹ مارجن اور 9 روپے 98 پیسے ڈیلر مارجن بھی عائد ہے۔ وزارت خزانہ کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان نے موجودہ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے حصول کیلئے مقررہ بیشتر معاشی اہداف حاصل کرلیے ہیں۔

بقیہ 5

ساڑھے 4 بجے اسپتال لایا گیا، جہاں اس میں ریبیز کی تمام علامات موجود تھیں۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق خاتون کو 6 ماہ قبل دائیں ٹخنے پر آوارہ کتے نے کاٹا تھا، جس کے بعد اسے اینٹی ریبیز ویکسین کی 3 خوراکیں بھی لگائی گئی تھیں۔ اسپتال ذرائع کے مطابق خاتون کی حالت اور مرض کی علامات کے حوالے سے طبی ماہرین کی نگرانی میں علاج جاری ہے۔

بقیہ 6

پہلے 8 دنوں میں تقریباً ایک آدھی فوجی طاقت کا نقصان اٹھانا پڑا جس میں 209 ٹینک اور 140 جنگی طیارے شامل ہیں۔ پاکستانی فوج نے کھیم کرن کی طرف پیش قدمی کی متعدد بھارتی کوششوں کو ناکام بنا دیا، بھارت کو قصور، جموں اور سیالکوٹ کے محاذ پر بھی بھاری نقصان کا سامنا رہا۔ مجاہدین نے سرینگر کے نزدیک بھارتی ملٹری میں پرحملہ کردیا، پاک فضائیہ نے جموں ائیر فیلڈ پر کھڑے 6 بھارتی ٹرانسپورٹ طیارے تباہ کر دیے، سیالکوٹ سیکٹر میں پاک فضائیہ نے بھارتی فضائیہ کا Gnat طیارہ مار گرایا۔ عوام کی بڑی تعداد نے جنگ کے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات دیے، پاک فوج کی مسلسل کامیابیوں سے بھارتی فوج کو کھلاہٹ کا شکار ہوگئی، بھارت کو نہ صرف میدان جنگ میں بلکہ سفارتی سطح پر بھی مکمل شکست سے دوچار ہوا۔

بقیہ 7

کرے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے دہشت گردی کی کارروائیوں سے بین الاقوامی امن اور سکیورٹی کو لاحق خطرات نائن الیون کے 25 سال بعد، دہشت گردی کے خلاف سلامتی کونسل کی لڑائی کی تجدید کے موضوع پر سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے سات پاکستانیوں سمیت نائن الیون کے دہشت گرد حملوں کا نشانہ بننے والوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امریکی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ نائن الیون پر عالمی ردعمل کا ذکر کرتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں سلامتی کونسل نے فوری کارروائی کی جس میں قرارداد 1373 کی منظوری بھی شامل ہے، جو تمام اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی فریم ورک کا ایک اہم جزو ہے۔

بقیہ 8

ڈگری پروگرامز، داخلوں کے طریقہ کار، وظائف اور مستقبل کے پیشہ ورانہ مواقع سے متعلق معلومات فراہم کی جارہی ہیں۔ طلبہ کو یونیورسٹی نمائندگان سے براہ راست ملاقات اور اپنی تعلیمی ترجیحات کے مطابق انفرادی رہنمائی حاصل کرنے کا موقع بھی دیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلیمی اور عوامی روابط کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب میں طلبہ کو ملائیشیا کے اعلیٰ معیار کی بین الاقوامی تعلیم اور بہتر مستقبل کے پیشہ ورانہ مواقع کے لیے ایک اہم تعلیمی مرکز کے طور پر منتخب کرنے کی ترغیب دی گئی۔ منتظمین کے مطابق ایجوکیشن فیئر کے ذریعے پاکستانی طلبہ کو ملائیشیا میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے درکار معلومات ایک ہی جگہ فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ جامعات کے نمائندگان طلبہ کو داخلوں، تعلیمی پروگرامز، وظائف اور تعلیم مکمل کرنے کے بعد روزگار کے امکانات کے حوالے سے براہ راست رہنمائی فراہم کررہے ہیں۔

بقیہ 9

ایف ٹی ایل ایل پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کررہا ہے، جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجرا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کا معاملہ حکومت کے لیے بڑا چیلنج بن سکتا ہے اور مذاکرات کے دوران پاکستان کو گردشی قرضے پر سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، جس کے تحت وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات کم کرنے کے لیے اقدامات شروع کردیے ہیں، سرکاری اخراجات میں کمی کے لیے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے، جبکہ رواں مالی سال کے لیے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط سے بھی آگاہ کرے گا۔

بقیہ 10

میڈیا کے وفود کے اعزاز میں دیے گئے عشائیے کے دوران مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ پہلی مفاہمتی یادداشت انڈونیشیا کی چیلنگی اور پاکستان کی ایلیٹ کیئر ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے درمیان، دوسری پی ٹی بوران انگل انڈونیشیا اور ٹرائیڈ فس پاکستان کے درمیان جبکہ تیسری پی ٹی لیلی سیٹ انڈونیشیا اور ایچ کاسٹ گلوبل پاکستان کے درمیان طے پائی۔ انڈونیشیا کے قونصل جنرل کراچی مذاکرتے ہوئے کہا کہ یہ مفاہمتی یادداشتیں محض دستاویزات پر دستخط نہیں بلکہ دونوں ممالک کے صنعتی اداروں اور کاروباری کمپنیوں کے درمیان مضبوط روابط اور عملی تعاون کی جانب اہم قدم ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان ہونے والی بات چیت کو عملی شراکت داری میں تبدیل کرنا اقتصادی سفارت کاری کا بنیادی مقصد ہے۔

بقیہ 11

دکانداروں سے ایک فیصد ٹیکس وصول کیا جائے گا، جبکہ کم از کم سالانہ ٹیکس 25 ہزار روپے مقرر کیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق اسکیم کے اہل دکانداروں کو فروخت کے مقام پر نظام اور ڈیجیٹل رسید کے نظام سے استثنیٰ حاصل ہوگا، جبکہ اسکیم سے فائدہ اٹھانے والے تاجروں کا ٹیکس آڈٹ بھی نہیں کیا جائے گا۔ رجسٹرڈ دکانداروں کو ٹیکس کٹوتی کرنے والے نمائندے کی ذمہ داری سے بھی استثنیٰ حاصل ہوگا۔ دکاندار ایف بی آر کی ویب سائٹ، موبائل ایپ یا متعلقہ ٹیکس دفتر کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے۔ قواعد وضوابط کی پابندی کرنے والی دکان پر رجسٹرڈ والے سبز نشان کی پلیٹ آویزاں کی جائے گی۔ ایف بی آر کے مطابق رجسٹرڈ دکانداروں کی دکانوں کا ٹیکس عملہ معمول کی انسپکشن نہیں کرسکے گا۔ حکومت کا مقصد چھوٹے تاجروں کو آسان طریقہ کار کے ذریعے دستاویزی معیشت اور ٹیکس نظام کا حصہ بنانا ہے۔

بقیہ 12

کردی۔ محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی وزیر یونیورسٹیز اینڈ بورڈز سندھ و کنٹرولنگ اتھارٹی کی منظوری سے تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی غلام مصطفیٰ پیرزادہ کی ملازمت کے آغاز سے موجودہ عہدے تک مکمل سروس پروفائل اور پیشہ ورانہ ریکارڈ کا جائزہ لے گی۔ کمیٹی ان کی مختلف عہدوں پر تقرریوں، ترقیوں اور تعیناتیوں کے قانونی جواز، اہلیت اور اختیار کیے گئے طریقہ کار کی بھی جانچ کرے گی۔ شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور کے وائس چانسلر کمیٹی کے کنوینر جبکہ محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز کے ایڈیشنل سیکریٹری (اسٹیبلشمنٹ) اور ارور یونیورسٹی آف آرٹ، آرکیٹیکچر، ڈیزائن اینڈ ہیریٹیج سکھر کے رجسٹرار ارکان ہوں گے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ کمیٹی اصل یا دستیاب سروس ریکارڈ، متعلقہ قواعد وضوابط، نوٹیفکیشنز اور دیگر دستاویزات کا جائزہ لے گی، جبکہ ضرورت پڑنے پر متعلقہ حکام سے مزید معلومات اور ریکارڈ بھی طلب کرسکے گی۔ کمیٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ واضح نتائج اور سفارشات پر مشتمل فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے 30 روز کے اندر وزیر یونیورسٹیز اینڈ بورڈز سندھ کو پیش کرے۔ سکھر تعلیمی بورڈ کے چیئرمین، سیکریٹری اور دیگر متعلقہ افسران کو کمیٹی سے مکمل تعاون کرنے اور مطلوبہ ریکارڈ و معلومات بلا تاخیر فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن سیکشن افسر بورڈز محمد داؤد شاہ نے سیکریٹری محکمہ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز سندھ کی جانب سے جاری کیا۔

بقیہ 13

اور دیگر دہشت گرد گروہوں کیلئے افغانستان میں ایک مایوس کن ماحول پیدا کر رکھا ہے۔ رپورٹ کے مطابق القاعدہ کے محفوظ ٹھکانے اور تربیتی کیمپ افغانستان کے مختلف علاقوں میں دوبارہ فعال ہو رہے ہیں، القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جمالیے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ اب صرف پناہ گاہ نہیں بلکہ دیگر دہشت گرد گروہوں کو تربیت اور مشاورت فراہم کرنے کا کردار ادا کر رہی ہے، القاعدہ افغانستان میں ٹی ٹی پی سمیت دیگر گروہوں کو خفیہ کارروائیوں اور سکیورٹی کے حوالے سے تربیت دے رہی ہے۔ بتایا گیا کہ اقوام متحدہ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ارکان ٹی ٹی پی کے لیے خودکش حملہ آوروں کی تربیت بھی کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی کے افغانستان میں تقریباً 7 ہزار جنگجو موجود ہونے کا اندازہ ہے جو پاکستان کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی نے افغانستان کے کم از کم 4 صوبوں میں کیمپ قائم کر رکھے ہیں، جن میں القاعدہ اور طالبان کے ملوث ہونے کی اطلاعات ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغان سرزمین سے ٹی ٹی پی کے پاکستانی فوجی چوکیوں اور دیگر اہداف پر سینکڑوں سرحد پار حملوں کا انکشاف ہوا ہے۔

بقیہ 14

پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا جائزہ لیں گے، وزیر اعظم کی اس اسکیم سے پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری ہماری جدوجہد پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف ہماری جدوجہد، لانگ مارچ اور دھرنے لیوی کے مکمل خاتمے تک جاری رہیں گے، وزیر اعظم کی اسکیم کا جائزہ لے کر آج رات موقف دیں گے۔ دریں اثنا جماعت اسلامی کے مطابق پٹرولیم لیوی اور مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کے دھرنوں کا 29 واں روز ہے، لاہور، کراچی، پشاور، راولپنڈی، ہری پور اور سوات میں دھرنے جاری ہیں، سکھر، چترال، تیمرگرہ سمیت 35 سے زائد مقامات پر بھی دھرنے و احتجاجی کیمپ جاری ہیں دھرنوں کے ساتھ 20 ستمبر کے لانگ مارچ کی تیاریاں بھی جاری ہیں۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان آج بٹ خیلہ اور تیمرگرہ میں خطاب کریں گے، حافظ نعیم الرحمان نے لانگ مارچ کے ساتھ دھرنے بھی جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت مذاکرات میں جتنی تاخیر کرے گی دھرنے بڑھتے جائیں گے، عوام کو ریلیف دلوانے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 15

طیاروں کی تیاری سے لے کر سائبر سکیورٹی، زراعت اور طبی آلات کی تیاری تک انجینئرز ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ وہ این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے سالانہ جلسہ تقسیم اسناد سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے انجینئرنگ کے طلبہ کے لیے لیپ ٹاپ سمیت متعدد تعلیمی منصوبے دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انفرا، ایم آر آئی اور دیگر طبی آلات کی تیاری میں بھی انجینئرز کا بنیادی کردار ہے، انجینئرز کے بغیر معاشرے کی ترقی کا سفر ادھورا ہے۔ نہال ہاشمی نے کہا کہ آج کا دن فارغ التحصیل طلبہ اور ان کے والدین کے لیے فخر اور خوشی کا موقع ہے، کیونکہ ان کے خوابوں کو تعبیر ملی ہے۔ انہوں نے طلبہ کو عملی زندگی میں محنت، لگن اور ملک کی خدمت جاری رکھنے کی تلقین کی۔ جلسہ تقسیم اسناد کے دوران بیچ 2022 کے 2262 طلبہ کو بی ایس اور بی ای کی اسناد جبکہ 881 طلبہ کو ماسٹرز کی اسناد تفویض کی گئیں۔

بقیہ 16

جس کے باعث کراچی کو پانی کی فراہمی جزوی طور پر متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ترجمان کے مطابق بجلی کی بندش کے باعث دھابیجی سے کراچی کو فراہم کیے جانے والے پانی کی مقدار میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔ واٹر کارپوریشن کے حکام بجلی کی جلد بحالی کیلئے کے الیکٹرک انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ واٹر کارپوریشن کا کہنا ہے کہ دھابیجی کی بجلی بحال ہوتے ہی متاثرہ 10 پمپس کو فوری طور پر فعال کر دیا جائے گا اور کراچی میں پانی کی فراہمی معمول پر لانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے۔ ترجمان نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ بجلی کی بحالی تک پانی کا بااحتیاط استعمال کریں اور غیر ضروری طور پر پانی ضائع کرنے سے گریز کریں۔

بقیہ 17

ظہیر الدین کی مدعیت میں زمان ٹاؤن تھانے میں کار چوری کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جس کے بعد پولیس نے قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کی تحقیقات جاری ہیں اور چوری شدہ کار کی تلاش کے لیے کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 18

بارش، گرج چمک اور تیز ہواؤں کا سلسلہ متوقع ہے۔ تھرپارکر، عمرکوٹ، میرپورخاص، بدین، ٹھٹھہ، سجاول اور ٹنڈو محمد خان میں گرد آلود ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ سانگھڑ، خیرپور، حیدرآباد، ٹنڈو الہیار، مٹیاری، شہید بینظیر آباد اور جامشورو میں ہلکی سے درمیانی شدت کی بارش متوقع ہے۔ کراچی ڈویژن میں بھی 14 سے 16 ستمبر کے دوران وقفے وقفے سے گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔ مشیر وزیر اعلیٰ سندھ گیان چند ایسرانی نے تمام ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز اور متعلقہ محکموں کو مشینری اور عملہ تیار رکھنے کا حکم دیا اور کہا کہ نشیبی علاقوں، برساتی نالوں اور حساس مقامات کی مسلسل نگرانی کریں، ڈی واٹرنگ مشینری و دیگر وسائل کو فعال رکھا جائے۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے پی ڈی ایم اے اور ریسکیو ادارے الرٹ رہیں۔ مشیر وزیر اعلیٰ سندھ گیان چند ایسرانی نے عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

بقیہ 19

ہے۔ گزشتہ مالی سال بندرگاہ کی کارگو ہینڈلنگ 53 ملین ٹن سے بڑھ کر 55.8 ملین ٹن تک پہنچ گئی، جو اس کی تاریخ کی بلند ترین سطح ہے۔ عالمی سطح پر شپنگ روٹس متاثر ہونے کے باعث کراچی پورٹ کے لیے ٹرانس شپمنٹ کے نئے تجارتی مواقع پیدا ہوئے۔ خلیجی تنازع کے دوران بندرگاہ پر ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوا، جس سے بدلتی عالمی صورتحال کے تناظر میں پاکستان کے لیے نئی تجارتی گنجائش پیدا ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی تقریباً 60 فیصد کارگو کا انحصار کراچی پورٹ سے منسلک تجارتی نظام پر ہے، جو ملکی معیشت اور بحری تجارت میں بندرگاہ کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ میری ٹائم ٹاسک فورس کے اقدامات اور عالمی کنٹینرز ٹرانزٹ نظام کے باعث وسطی ایشیا سمیت دیگر ممالک تک پاکستانی کارگو کی ترسیل مزید آسان ہونے لگی ہے۔ بندرگاہی کارگردگی میں بہتری، ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں اضافے اور علاقائی رابطوں کے فروغ سے پاکستان کے خطے میں اہم تجارتی اور رسد رسائی کے مرکز کے طور پر کردار مزید مضبوط ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 20

ہوگیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشتگرد ضیاء الرحمٰن عرف سیف اللہ سے اسلحہ اور بارود برآمد ہوا ہے۔ ہلاک ہونے والے دہشت گرد کا تعلق خیبر پختونخوا کے شہر باجوڑ سے تھا اور اس نے 2006ء میں [illegible] تھی۔ ترجمان نے بتایا کہ مارا جانے والا دہشت گرد افغان سرحد سے منسلک پاکستانی پوسٹوں پر کئی حملوں میں ملوث رہا۔ ترجمان رینجرز نے بتایا کہ ضیاء الرحمٰن حال ہی میں افغانستان سے کراچی رہائش پذیر ہوگیا تھا اور یہاں سے دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے نیٹ ورک منظم کر رہا تھا، دوسری کارروائی سندھ رینجرز کے ہمراہ گلبائی شیر شاہ کے علاقے میں کی گئی، اس کارروائی کے دوران ہونے والے مقابلے میں ایک دہشتگرد ہلاک ہوا۔

بقیہ 21

اور طلاق کے سرٹیفکیٹس کی ڈپلیکیٹ کاپیاں گھر بیٹھے حاصل کی جاسکیں گی۔ شہریوں کو اس مقصد کے لیے نادرا دفتر جانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ نادرا حکام کے مطابق متعلقہ یونین کونسل سے پہلے جاری کیے گئے سرٹیفکیٹ کی ڈپلیکیٹ کاپی اب پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس سہولت کا مقصد شہریوں کو سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے دفاتر کے غیر ضروری چکروں سے بچانا اور خدمات تک رسائی آسان بنانا ہے۔ حکام نے بتایا کہ اگر کسی شہری کی پیدائش، وفات، شادی یا طلاق کا سرٹیفکیٹ متعلقہ یونین کونسل سے پہلے جاری ہوچکا ہے اور اسے دوبارہ حاصل کرنا مقصود ہو تو پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے درخواست دی جاسکتی ہے۔ شہری متعلقہ یونین کونسل سے رجوع کرکے بھی سرٹیفکیٹ حاصل کرسکتے ہیں۔ نادرا کے مطابق یہ سہولت سندھ اور پنجاب کی تمام یونین کونسلوں، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع جبکہ بلوچستان کے منتخب اضلاع میں دستیاب ہے۔ نادرا حکام نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ سرٹیفکیٹس کے حصول کے لیے پاک آئی ڈی موبائل ایپ کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے نادرا کی ہیلپ لائن 1777 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 22

ہے، جو مبینہ طور پر اے ٹی ایم کے قریب گھات لگا کر موجود رہتا اور رقم نکلوانے کے لیے آنے والے شہریوں کو لوٹ لیتا تھا۔ پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ اس کے قبضے سے ایک چھینا ہوا موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈز اور نقدی رقم برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کے خلاف ضابطے کے تحت مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے، جبکہ ملزم کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ سے متعلق بھی معلومات حاصل کی جارہی ہیں۔

بقیہ 23

پولیو کی مہم میں خدمات انجام دینے والے ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے، مذکورہ اضافہ ان ورکرز کی انتھک محنت اور خدمات کی بدولت کیا گیا ہے۔ ملک میں پولیو کیسز کی تعداد میں 99 اعشاریہ 8 فیصد کی واقع ہوئی ہے۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 1990 کے اوائل میں اندازاً 20 ہزار سے کم ہوکر 2025 میں 31 اور 2026 میں 3 کیسز تک محدود ہوگئی ہے۔

بقیہ 24

کے ساتھ احتجاجی دھرنا جاری رہے گا اور وہ اپنے بیٹے کی تدفین نہیں کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس کی جانب سے 6 روز گزرنے کے باوجود قاتلوں کی گرفتاری نہ ہونے پر لواحقین شدید مایوس ہیں۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کے باوجود دھرنا ختم نہ ہوسکا، جبکہ مقتول کے والد نے پولیس کی کارکردگی پر احتجاج کرتے ہوئے شہر کے مختلف علاقوں میں بھی دھرنے دینے کا اعلان کیا ہے۔ واضح رہے کہ 15 سالہ روشم کو شکھوپیر کے علاقے میں گھر میں ڈکیتی کے دوران مبینہ طور پر پولیس وردی میں ملبوس ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا۔ مقتول 8 بہنوں کا اکلوتا بھائی اور حافظ قرآن تھا۔

بقیہ 25

دیتے ہیں۔ پروان سے بات کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا ہے کہ گنجان آباد علاقے اور تنگ گلی میں جاری تعمیرات سے نہ صرف شہری سہولیات متاثر ہورہی ہیں بلکہ قریبی رہائشیوں کی حفاظت بھی خطرے میں ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ دونوں پلاٹس کا فوری معائنہ کیا جائے اور یہ معلوم کیا جائے کہ تعمیرات منظور شدہ بلڈنگ پلان، تعمیراتی قوانین اور مطلوبہ اجازت ناموں کے مطابق ہیں یا نہیں۔ قانونی حیثیت کی جانچ کے لیے ٹیم موقع پر بھیجی جائے۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ اگر تحقیقات میں تعمیرات غیر قانونی یا منظور شدہ نقشے کے برعکس ثابت ہوں تو تعمیراتی کام فوری طور پر بند کرایا جائے اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں تاکہ معلوم ہوسکے کہ مبینہ غیر قانونی تعمیرات کس اجازت یا منظوری کے تحت جاری ہیں اور متعلقہ ادارے اب تک کارروائی کرنے میں کیوں ناکام رہے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ قانون کا نفاذ بلا امتیاز ہونا چاہیے اور کسی بھی غیر قانونی تعمیر کو صرف اس وجہ سے نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے کہ اس کے خلاف بروقت کارروائی نہیں کی گئی شہریوں نے ایک بار پھر وزیر اعلیٰ سندھ، وزیر بلدیات سندھ اور کمشنر کراچی سے فوری نوٹس لینے اور عملی کارروائی یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 26

آخر کار انسانی صحت کے لیے انتہائی نقصان دہ ہیں، جن میں موجود ٹرانس فیٹس مختلف خطرناک بیماریوں کا سبب بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ٹرانس فیٹس اور PHOs کے نقصانات سے آگاہ کرنے کے لیے مؤثر آگاہی مہم کی ضرورت ہے، جبکہ میڈیا اس سلسلے میں بنیادی اور مؤثر کردار ادا کرسکتا ہے۔ ڈاکٹر زبالہ لطفی، اسسٹنٹ پروفیسر جامعہ کراچی اور ڈاکٹر اظفر سلیم نے کہا کہ خوراک میں موجود صنعتی ٹرانس فیٹس انسانی صحت کے لیے ایک اہم خطرہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ PHOs کے مسلسل استعمال سے دل اور خون کی شریانوں سے متعلق بیماریوں سمیت صحت کے دیگر مسائل کے خطرات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ سی پی ڈی آئی کی پروگرام اسسٹنٹ عظمیٰ بی بی نے ورکشاپ کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عام صارف اکثر اس بات سے لاعلم ہوتا ہے کہ مختلف تیار شدہ اور بیکری مصنوعات میں استعمال ہونے والے بعض اجزا اس کی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتے ہیں۔ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر CPDI مختار احمد علی نے کہا کہ پاکستان میں PHOs کے مسئلے کو صرف صحت کے معاملے تک محدود نہیں کرنا چاہیے، دنیا کے مختلف ممالک میں صنعتی ٹرانس فیٹس کے خاتمے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں، پاکستان میں بھی انسانی صحت کے تحفظ کے لیے مؤثر پالیسی اور قانون سازی ناگزیر ہے۔ سینئر تجزیہ کار اور صحافی شازیہ رضوان نے بھی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ PHOs کے نقصانات کے بارے میں عام شہریوں کو سادہ اور قابل فہم انداز میں معلومات فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی بڑی تعداد معلومات کے لیے ذرائع ابلاغ پر انحصار کرتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان میں صنعتی ٹرانس فیٹس کے استعمال کے خاتمے کے لیے مؤثر قانون سازی اور اس پر سختی سے عمل درآمد ہونا چاہیے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ صرف قانون بنانا کافی نہیں بلکہ اس پر مؤثر عمل درآمد، خوراک کی نگرانی، صنعت کی ذمہ داری اور صارفین کی آگاہی بھی ضروری ہے۔

بقیہ 27

اٹھڑی کی صدارت میں مرکز باب الاسلام سکھر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی رہنما علامہ ناصر سومرو، مفتی مسعود افضل بلوچی نے خصوصی طور پر شرکت کی، جس میں کانفرنس کی تیاریوں، انتظامی امور، مختلف کمیٹیوں کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کو تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سعودی عرب پر حملے پر احتجاج کیا گیا۔ سندھ کی تقسیم کو ملک کی تقسیم کے مترادف ہے جو کبھی بھی برداشت نہیں ہوگی، پیٹرولیم مصنوعات کی ریٹس بڑھانے، بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ اور بدامنی سے عوام اذیت میں مبتلا ہیں۔ اجلاس میں جے یو آئی سندھ کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈھڑ نے کہا کہ اس انٹرنیشنل کانفرنس کا مقصد دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، انسانی اقدار اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے ایک اہم عالمی پیغام ثابت ہوگی، جس میں مسلم اور غیر مسلم ممالک کے امن کے سفیر شرکت کریں گے۔ جے یو آئی کے مرکزی رہنما علامہ ناصر سومرو نے کہا کہ اس انٹرنیشنل کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے تمام کمیٹیوں کے درمیان مضبوط رابطہ، باہمی تعاون اور منظم حکمت عملی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا اور دیگر شعبہ جات کے ذریعے کانفرنس کے پیغام کو مؤثر انداز میں عوام اور دنیا تک پہنچایا جائے گا۔ اجلاس میں مختلف کمیٹیوں کے ذمہ داران نے اپنی اپنی کارکردگی اور تیاریوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں مولانا عبداللہ مہر، ڈاکٹر اے جی انصاری، فقیر سکندر نقشبندی، مولانا محمد طیب ملکو، آصف علی گسی، مولانا عبدالغفار چاچڑ، جمال الدین اوگاہی، مفتی عبدالباقی سومرو مولانا عبدالحمید مہر، عبدالقیوم آرائیں، ایڈوکیٹ سعید احمد دستی، محمد آصف گسی سمیت جے یو آئی سندھ کی مختلف کمیٹیوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انٹرنیشنل امن کانفرنس کو کامیاب، منظم اور تاریخی بنانے کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی اور امن، رواداری، بھائی چارے اور انسانیت کے عالمی پیغام کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔

بقیہ 28

کرنے پر مذکورہ افراد مشتعل ہوگئے اور ان پر لوہے کی سلاخوں اور ڈنڈوں سے حملہ کردیا، جس کے نتیجے میں ان سمیت ان کے پانچ اہل خانہ زخمی ہوگئے۔ واقعے کا مقدمہ متعلقہ تھانے [illegible] میں درج کرایا گیا، تاہم پولیس نے صرف ایک معمولی زخمی بچی کا میڈیکل لیٹر جاری کیا جبکہ دیگر زخمیوں کے لیے لیٹر جاری نہیں [illegible]

بقیہ 29

انسانیت سے محبت کے روشن پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے اور ہمیں اپنی عملی زندگی میں آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنانا چاہیے۔ دیگر مقررین میں پی بی سی سی لائین سید ظفر اقبال اور عباس حسین شامل تھے، جنہوں نے اسوۂ رسول ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کیا۔ تقریب میں سابق کونسل چیئرمین سید کامران علی، سابق کونسل چیئرمین صبیح احمد قاضی، سابق کونسل چیئرمین ارشد اسلام، سابق کونسل چیئرپرسن میمونہ ارشد، آنے والی کونسل چیئرپرسن نگہت جاوید، سابق گورنر نورامیام نور، سابق گورنر حبیب اللہ خان، سابق گورنر فاروق ڈیڈی، سابق گورنر امین علانہ، معاون ڈسٹرکٹ گورنر (اول) (محمد اشفاق، معاون گورنر (دوم) (صفیہ حسن، ڈسٹرکٹ سیکریٹری لائین محمد عمران اور ڈسٹرکٹ خازن لائین محمد اشفاق نے خصوصی شرکت کی مقررین نے اس موقع پر کہا کہ میلاد النبی ﷺ کا مقصد صرف عقیدت کا اظہار نہیں بلکہ حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا بھی ہے تاکہ معاشرے میں محبت، بھائی چارے، رواداری، خدمت خلق اور باہمی احترام کو فروغ دے کر سیرت رسول ﷺ کو حقیقی معنوں میں عمل پیرا ہوسکتے ہیں

بقیہ 30

مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم سے ملاقات کے دوران پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر فنکشنل لیگ ضلع ملیر کے صدر قادر لغاری، بیرسٹر سونیا علی ایڈووکیٹ اور سعدیہ سلیم ایڈووکیٹ بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے پارٹی میں شامل ہونے والی خواتین کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ فنکشنل لیگ میں خواتین کی شمولیت خوش آئند ہے، خواتین پارٹی کی تنظیمی اور سیاسی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کریں گی۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل پیر صاحب پگارا کی قیادت میں سندھ کے عوام کے حقوق اور جمہوری جدوجہد کے لیے اپنا کردار ادا کررہی ہے۔ پارٹی کا پیغام "متحد سندھ، مضبوط پاکستان" ہے اور نئے شامل ہونے والے زمینداروں کے ساتھ فنکشنل لیگ کو مزید فعال اور مضبوط بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے سیاسی کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے فنکشنل لیگ کا پلیٹ فارم اہم ہے۔ نئی شامل ہونے والی خواتین پارٹی کے پیغام اور منشور کو عوام تک پہنچانے کے ساتھ ساتھ تنظیمی سرگرمیوں میں بھی اپنا کردار ادا کریں گی۔ اس موقع پر فنکشنل لیگ میں شمولیت اختیار کرنے والی خواتین ابراہیم جونیجو نے کہا کہ خواتین کے لیے پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ایک بہترین سیاسی پلیٹ فارم ہے، اسی اعتماد کی بنیاد پر انہوں نے فنکشنل لیگ میں شمولیت اختیار کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیر صاحب پگارا کی قیادت میں پارٹی کو مزید سرگرم اور مضبوط بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گی اور خواتین کو سیاسی عمل میں زیادہ سے زیادہ متحرک کرنے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گی۔ انہوں نے پارٹی قیادت کی جانب سے خیر مقدم اور اعتماد کا اظہار کرنے پر سردار عبدالرحیم اور دیگر رہنماؤں کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ 31

کریم کی پوری زندگی انسانیت کے لیے عملی نمونہ ہے۔ سیرت مصطفیٰ پر عمل اور اسے عام کرنے میں ہی آج کی بھٹکی اور سسکتی ہوئی انسانیت کے لیے چین وسکون اور دنیا کے لیے امن کا راستہ موجود ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی سکھر کے تحت مقامی ہال میں منعقدہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر امیر ضلع سکھر زبیر حفیظ شیخ اور مقامی امیر سرفراز احمد صدیقی نے بھی خطاب کیا، جبکہ کانفرنس میں مرد و خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ راشد نسیم نے مزید کہا کہ نبی مہربان نے خواتین کو وہ مقام و مرتبہ عطا کیا جو اپنی مثال آپ ہے۔ اسلام سے قبل دور جاہلیت میں معصوم بچیوں کو زندہ درگور کردیا جاتا تھا، جبکہ آج پھر خواتین کے حقوق کے نام پر عورت کا استحصال کیا جارہا ہے اور اسے نئے پیرائے کے ذریعے دوبارہ دور جاہلیت کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔ مرد اور عورت کا مقام اور کام الگ الگ ہونا ایک فطری حقیقت ہے۔ نبی کریم نے عورت کو اس کی فطرت کے مطابق ماں، بہن اور بیٹی کی حیثیت سے عزت و مقام عطا کیا۔ جب فطرت سے ہٹ کر حقوق کے نام پر عورت کو مرد کے برابر لاکر کھڑا کرنے کی کوشش کی جائے گی تو اس کے نتیجے میں تباہی کا راستہ کھلے گا۔ مغرب میں خواتین میں نفسیاتی مسائل اور خودکشیوں میں اضافہ اسی فطرت سے انحراف کا نتیجہ ہے۔ اگر عورت کو فطرت کے مطابق عزت، مقام اور تحفظ دیا جائے تو گھر اور معاشرہ جنت بن سکتا ہے۔ مرکزی رہنما جماعت اسلامی نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کا لایا ہوا نظام رحمت آج بھی پوری طرح موجود ہے۔ امت مسلمہ جب اپنی اصل کی طرف پلٹے گی تو عدل و انصاف پر مبنی معاشرہ قائم ہوگا۔ خلافت راشدہ کا نظام ہی انسانیت کو حقیقی عدل، انصاف، امن اور چین وسکون فراہم کرسکتا ہے۔

بقیہ 32

اکیڈمیوں کو آمد ورفت میں دشواری کا سامنا ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ بازار جیسے معروف علاقے میں گندے پانی کا کھڑا رہنا نہ صرف شہریوں کے لیے اذیت کا باعث ہے بلکہ صفائی کے انتظامات پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ ٹاؤن چیئرمین [illegible] گندے پانی سے ڈوب رہا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ٹاؤن کمیٹی کی انتظامیہ فوری طور پر علاقے سے گندا پانی نکلوائے، صفائی اور نکاسی آب کے مستقل حل کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹاؤن کمیٹی کی ذمہ داری صرف فوٹو سیشن تک محدود نہیں بلکہ شہر کی صفائی، نکاسی آب اور عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی بھی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے۔ عوامی حلقوں نے وائس چیئرمین حاجی عبدالرف خانزادہ اور نام نہاد انچارج ایڈمنسٹریٹر ٹاؤن کمیٹی و انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ویڈیو میں دکھائی جانے والی صورتحال کا فوری نوٹس لے کر ذمہ دار عملے کو متحرک کیا جائے اور گلی سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں صفائی و نکاسی آب کا مؤثر نظام یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 33

فضل علی، تھیٹر اکیڈمی کے خالد احمد، میوزک ٹیچنگ کے احسن باری، معروف مصور شاہد رسام، جہانزیب شاہ، ذیشان احمد، حماد سمیت طلبہ کی بڑی تعداد موجود تھی۔ شارٹ کورس مکمل کرنے والے طلبہ میں ڈرائنگ کے 7، مصوری کے 14، کیلی گرافی کے 4، گرافک ڈیزائن کے 6، تھیٹر کے 17، وکل کے 19، کی بورڈ کے 4، آڈیو پروڈکشن کے 6، گٹار کے 11 اور ڈرم کے 4 طلبہ شامل تھے۔ اس موقع پر ڈرائنگ، پینٹنگ، کیلی گرافی اور گرافک ڈیزائن کے طلبہ کے تیار کردہ فن پارے ڈسپلے کیے گئے، جو شرکا کی توجہ کا مرکز بنے رہے۔

بقیہ 34

مشکلات مزید بڑھ جاتی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کے نرخوں میں بار بار اضافے کے باعث ٹرانسپورٹ، مال برداری، زرعی سرگرمیوں اور روزمرہ آمد و رفت کے اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جبکہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے سے روزگار، تعلیم اور دیگر ضروری امور کے لیے روزانہ سفر کرنے والے شہری بھی متاثر ہورہے ہیں۔ شہریوں، مزدوروں، محنت کشوں، طلبہ اور کم آمدنی والے خاندانوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے، تاہم آمدنی میں اس تناسب سے اضافہ نہیں ہوا، جس کے باعث گھر کے اخراجات، بچوں کی تعلیم، علاج معالجہ اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ آبادگاروں کے مطابق ڈیزل مہنگا ہونے سے زرعی مشینری، پانی کی فراہمی، فصلوں کی تیاری اور مال کی منڈیوں تک ترسیل کے اخراجات بھی بڑھ گئے ہیں، جس کا بالواسطہ بوجھ عام صارفین کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ عوام نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ فوری طور پر روکا جائے، پٹرولیم مصنوعات کے نرخ کم کرکے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی پر مؤثر قابو پانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات کم ہوسکیں۔

بقیہ 35

کرلیا۔ پولیس کی جانب سے گرفتار کیے گئے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہالیجی شریف تھانے کی حدود میں آج صبح ایک کمسن لڑکی فاطمہ چانڈیو کے مبینہ قتل کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، جس کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس حکام نے فوری طور پر کارروائی شروع کی اور واقعے میں ملوث [illegible]

شکارپور محمد کلیم نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سلطان کوٹ کی سربراہی میں خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دی، جبکہ ہمایوں تھانے کے ایس ایچ او عزیز اللہ کٹو نے پولیس نفری کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 36

انہوں نے دورہ میرپورخاص کے موقع پر میرپورخاص پریس کلب میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر اشتہارات محمد یوسف کابورو، ڈائریکٹر اطلاعات میرپورخاص شبانہ چنہ اور انفارمیشن آفیسر ذوالفقار کھوسو، تھرپارکر اور عمرکوٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹرز سمیت پریس کلب کے نائب صدر اکبر جیلانی، سینئر صحافی سلیم آزاد، شوکت منصور، واحد حسین پہلوانی، شاہد خلیلی کے علاوہ دیگر عہدیداران اور ممبران نے شرکت کی کاشف گلزار شیخ نے مزید کہا کہ صحافیوں کے وہ مسائل جو محکمہ کی سطح پر حل کرنے کے قابل ہیں انہیں حل کیا جا رہا ہے لیکن جہاں ضلعی یا تعلقہ سطح پر پریس کلبوں کو فنڈز دینے کے مطالبات ہو رہے ہیں تو اس سلسلے میں صحافیوں سے ملاقاتیں کرکے سمری وزیر اعلیٰ سندھ کو بھیجی جائے گی انہوں نے کہا کہ مستحق اور بیماریوں میں مبتلا صحافیوں کی مزید مالی معاونت کے لیے بھی ڈویژنل سطح کے پریس کلبوں کے ساتھ مل کر ان کی مالی مدد کی جائے گی اس موقع پر پریس کلب کے صدر نذیر چوہدری سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر افواہوں کے دور میں صحافت مشکل بن گئی ہے ہر جگہ ایسے لوگ موجود ہیں جو موبائل اٹھا کر خود کو صحافی کہلاتے ہیں حالانکہ ان کا صحافت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ان کے غلط کاموں کی وجہ سے صحافت کا نام بدنام ہو رہا ہے اس لیے محکمہ اطلاعات کو اس سلسلے میں قانون سازی کرنی چاہیے

بقیہ 37

علاقہ میں سیف سٹی کیمرہ پروجیکٹ فعال کیے جانے کے ثمرات بھی شہریوں کو حاصل نہ ہو سکے بھینس کالونی 12 نمبر پر قائم بھینسوں کے باڑے میں ڈکیتی کی واردات کی کوشش موٹر سائیکل سوار چار نامعلوم ملزمان باڑے میں ڈکیتی کی نیت سے داخل ہوئے تو سامنے ہی سکیورٹی گارڈ کا سامنا کرنا پڑا سکیورٹی گارڈ نے مشکل حالات بھانپتے ہی فائرنگ کی کوشش کی تو نامعلوم ملزمان سکیورٹی گارڈ پر جھپٹ پڑے اور گارڈ سے رپیٹر چھین کر گارڈ پر گولیاں چلادی اور باسانی موقع واردات سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تاہم فائرنگ کی آواز سنتے ہی باڑے کے ملازمین اور اہل علاقہ جمع ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ادارے بھی جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور زخمی سکیورٹی گارڈ کو ہسپتال منتقل کیا گیا جبکہ زخمی سکیورٹی گارڈ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں ہی جان بحق ہو گیا جاں بحق سکیورٹی اہلکار کی شناخت شکیل الرحمن ولد عزیز الرحمن کے نام سے ہوئی ہے جب کہ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی کہ جس میں نامعلوم ملزمان کو گارڈ سے مزاحمت کرتے اور گارڈ کو گولیاں مارتے دیکھا جا سکتا ہے پولیس ذرائع کے مطابق فرار ملزمان راستے میں ہی گارڈ کا چھینا گیا رپیٹر بھی پھینک گئے ہیں جبکہ ملزمان کی شناخت اور ان کے تعاقب کا سلسلہ جاری ہے اس موقع پر علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ کروڑوں روپے کے سیف سٹی کیمرہ پراجیکٹس بھی شہریوں کو ڈاکوؤں سے نہیں بچا پا رہے ہیں اور تحفظ کی اپیل کی جائے تو کس سے کی جائے اس موقع پر تاجروں کی جانب سے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی ایسٹ اور ایس ایس پی ملیر سے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا گیا ہے

بقیہ 38

آباد، حیدرآباد، کوٹری، جامشورو کی کرکٹ، ایتھلیٹکس، فٹبال، ڈاج بال، کبڈی اور دیگر کھیلوں میں مرد اور خواتین کھلاڑیوں نے حصہ لیا، ایتھلیٹکس میں شمیم ممتاز اسپورٹس اکیڈمی کراچی نے اول پوزیشن حاصل کی، کرکٹ میں کوٹری جامشورو نے اول پوزیشن حاصل کی، تھرو بال اور ڈاج بال میں بینظیر آباد نے پہلی پوزیشن حاصل کی فٹبال اور کبڈی میں کراچی کی شمیم ممتاز اسپورٹس اکیڈمی فاتح قرار پائی، اس موقع پر اعجاز شیخ صاحب انچارج ملک اسد سکندر گراؤنڈ کو بیسٹ چیف آرگنائزر کا ایوارڈ بھی دیا گیا، کراچی سے عابد نعیم صاحب سیکرٹری جنرل ڈاج بال پاکستان، شہزاد قادر صاحب سیکرٹری کراچی کبڈی ایسوسی ایشن، حیدرآباد سے صنم بلوچ، بینظیر آباد سے آدم حیدر، کراچی سے نفیسہ شگفتہ صاحبہ، نجف مزاری، معصومہ صاحبہ، عبدالوہاب، سعدیہ جعفری صاحبہ و دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ 39

شرکت کی اور چیئرمین طارق عزیز بلوچ کا والہانہ استقبال کیا چالیس سال سے تعمیر و مرمت کے منتظر اس اہم رابطہ سڑک کے منصوبے کا آغاز علاقے کے عوام کے لیے ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ سڑک کی خستہ حالی کے باعث صالح محمد گوٹھ، غریب آباد اور گلہ ٹاؤن کے مکینوں کو طویل عرصے سے آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا تھا۔ اس منصوبے پر علاقہ مکینوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسے اپنے دیرینہ مطالبے کی تکمیل قرار دیا۔ افتتاح کے موقع پر چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل محض اعلانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ممکن ہے، اور یو سی گڈاپ اسی عزم کے ساتھ ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھا رہی ہے۔ گڈاپ ٹاؤن کی پسماندہ علاقوں میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی حکومت اور بلدیاتی اداروں کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سڑکوں کی تعمیر و بحالی، نکاسی آب، سیوریج، صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس اور دیگر بنیادی سہولیات کے منصوبوں پر مرحلہ وار کام جاری ہے۔ کئی دہائیوں سے نظر انداز علاقوں کو ترقی کے دھارے میں لانا پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور میں شامل ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ معیار پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی، تاکہ عوام کو دیرپا اور معیاری شہری سہولیات میسر آسکیں اس موقع پر علاقہ معززین، یو سی چیئرمین انور بلوچ، ڈاکٹر انور لاشاری اور جہانگیر لاشاری نے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ سڑک کی تعمیر علاقے کے عوام کے لیے تاریخی اہمیت رکھتا ہے اس سڑک کی تعمیر سے ہزاروں مکینوں کو آمد و رفت میں سہولت حاصل ہوگی اور علاقے میں تجارتی و سماجی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایگزیکٹیو اشرف بلوچ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر ڈائریکٹر اسپورٹس طاہر بلوچ، لوکل پرسن سرفراز احمد کھتری، محمد شرجیل خان، ارشد بلوچ، پی ایس چیئرمین لعل جان نبی بھی موجود تھے۔

بقیہ 40

ہوئے منشیات فروش راشد راجپوت کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے مضر صحت سفینہ کے 10 پیکٹ، مجموعی طور پر 1100 پڑیاں برآمد کرلیں گرفتار ملزم کے خلاف تھانہ ٹاؤن میرپورخاص میں مقدمہ نمبر 119/2026 نارکوٹکس ایکٹ کے تحت درج کرکے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے تھانہ سندھڑی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزم خان محمد کو گرفتار کیا جس کے قبضے سے مضر صحت گٹکا، ماوا، سفینہ، ادب اور راس گٹکا کے 178 پیکٹ برآمد ہوئے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 47/2026 زیر دفعہ 4/8 ایکٹ 2019 کے تحت تھانہ سندھڑی میں مقدمہ درج کرلیا گیا

بقیہ 41

جائز حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ایس ڈی پی او ہوسڑی واحد اکبر نے اپنی سب ڈویژن کے تھانہ ہوسڑی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں ایس ایچ او ہوسڑی انسپکٹر لیاقت علی کھمار، انچارج چیک پوسٹ سیری سب انسپکٹر شوکت علی درس، انچارج سب انسپکٹر ارسلان چنا سمیت دیگر پولیس اہلکار موجود تھے۔ ایس ڈی پی او واحد اکبر نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں اور سائلین کی درخواستیں اور شکایات بغور سنیں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ایس ڈی پی او [illegible] وقاص درانی نے اپنی سب ڈویژن کے تھانہ بلیاری میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں ایس ایچ او بلیاری ایوب اوڈھو، ایس ایچ او [illegible] محمد ہاشم بروہی سمیت دیگر پولیس اہلکار موجود تھے۔ ایس ڈی پی او وقاص درانی نے شہریوں اور سائلین کی درخواستیں سنیں اور ان کے جائز مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 42

دوسری جانب زیر الزام ایوب ملاح اور اسکے بیٹے نے بھی پریس کلب دادو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے ہم نے سینٹر کے دکانوں پر قبضہ نہیں کیا تصفیہ کے تحت رقم ادائیگی کے بعد سینٹر کے دکانوں کے تیسرا حصہ لیا ہے انہوں نے کہا کہ 2 کروڑ کی رقم علی نواز رند کو ادا کی گئی ہے 25 لاکھ ادا کرنے ہے پراپٹی میں ایک خاتون کا حصہ ہے جس کے حصے پر قابض ہونے کیلئے علی نواز نے الزامات عائد کیے ہیں

بقیہ 43

کیمپس میرپورخاص، بھٹائی گروپ آف کالج نے بھرپور شرکت کی۔ مقابلہ کیلیگرافی میں پہلی پوزیشن فاطمہ جناح اسکول کی حراء صدیقی دوسری پوزیشن تقوی ماڈل اسکول کی زینب زاہد نے جبکہ تیسری پوزیشن لعل اسٹار ہائی اسکول کی زرمین خان زئی نے حاصل کی۔ جبکہ سیکنڈری لیول پر کیلیگرافی میں بیسٹ پوزیشن حورین آرائیں آئی بی اے سکھر میرپورخاص کیمپس نے حاصل کی۔ مقابلہ قرآت میں ایلیمنٹری کیٹیگری میں پہلی پوزیشن قرت مظہر مدرسہ کنز الایمان المبلغات نے، دوسری پوزیشن سکندر علی الف اے ایس پیارہ خان منصور اور تیسری پوزیشن لعل ٹوکس اسکول کے علی عمران نے حاصل کی۔

بقیہ 44

[illegible]

تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور صوبہ سندھ سے متعلق مختلف امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر نیلم کماری نے سندھ کی قدیم ثقافت اور روایتی ورثے کی عکاسی کرنے والی اجرک کا تحفہ حمزہ شہباز شریف کو پیش کیا۔ حمزہ شہباز شریف نے سندھ کی ثقافت اور روایات کو سراہا جبکہ ملاقات خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے سیاسی معاملات پر گفتگو کرتے ہوئے سیاسی روابط اور باہمی تعاون کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں سندھ کے سیاسی منظرنامے اور اقلیتی برادری سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ رکن قومی اسمبلی نیلم کماری نے سندھ کے عوام اور اقلیتی برادری کو درپیش مختلف مسائل اور سیاسی صورتحال سے متعلق اپنے نقطہ نظر سے آگاہ کیا۔

بقیہ 45

کراچی میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج سے 15 ستمبر کے دوران تھرپارکر، عمر کوٹ، میرپورخاص، بدین، سجاول اور ٹنڈو محمد خان کے اضلاع میں تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ چند مقامات پر وقفے وقفے سے درمیانی اور کہیں کہیں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ 14 سے 15 ستمبر کے دوران سانگھڑ، خیرپور، حیدرآباد، ٹنڈو اللہ یار، مٹیاری اور جامشورو کے اضلاع میں بھی تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی شدت کی بارش کا امکان ہے۔

بقیہ 46

ﷺ کی تعلیمات پر مکمل پیرا ہونے کی تلقین کی۔ اس موقع پر معروف ثنا خواں محمد بلال اویس نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی، جس سے شرکا پر رقت طاری ہوگئی۔ تقریب میں ایم کیو ایم پاکستان کراچی مرکزی رہنما کامران فاروقی، رکن قومی اسمبلی معین عامر پیرزادہ، سین غوری، عبدالعلیم خانزادہ، رکن سندھ اسمبلی جمال احمد، فیصل رفیق، راشد خان ایڈوکیٹ، ڈی آئی جی حیدرآباد رینج طارق رزاق دھاریجو، کمشنر حیدرآباد ڈویژن فیاض حسین عباسی، حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری، حیدرآباد پریس کلب صدر جنید خانزادہ، سینئر صحافی محمد حسین خان، حمید الرحمان، سید عاشق حسین شاہ، سید حسنین علی شاہ، سبطین شاہ، ایم کیو ایم پاکستان ڈسٹرکٹ انچارج ظفر صدیقی، ٹاؤن چیئرمین مصطفیٰ بلال شیخ، معروف صنعتکار ہائی اسپیڈ موٹرسائیکل عمران لاکھانی، یوسی چیئرمین میر بالاج تالپور، ارشد گوندل، ڈویژنل صدر پاکستان سنی تحریک عابد قادری، ایڈوکیٹ اشعر مجید کھوکھر، ریشم بازار تاجر آصف میمن کوچھی والا، کلاتھ مارکیٹ شکیل خانزادہ، آل حیدرآباد آئرن اسٹیل ایسوسی ایشن صدر مقصود احمد چوہان، افضال چوہان، حیسکو سی ایس ای سہیل احمد شیخ، سماجی رہنما جنید ڈاہری، ڈاکٹر عابد سانتھ، دعوت اسلامی عارف عطاری، سید آصف، ایم کیو ایم پاکستان افتخار قائم خانی، جوائنٹ انچارج ندیم قاضی، رضوان گدی، شرجیل خان قائم خانی، ڈسٹرکٹ کمیٹی اراکین، یوسی ذمہ داران، سیاسی، سماجی، مذہبی رہنماؤں، عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر مفتی راشد محمود رضوی، پیر الحاج پیر گلشن الٰہی قادری چشتی فریدی، مولانا مدعلی، سید ندیم حسین نے مرحومہ کے درجات کی بلندی، ملک کی سلامتی، امن و استحکام، امت مسلمہ کی فلاح و بہبود کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ آخر میں ایم کیو ایم این اے سید وسیم حسین، سید قاسم حسین، سید ندیم حسین، سید اعظم حسین، سید عظیم حسین، وسیع اللہ خان اختر القادری، فرقان احمد، سید حسنین وسیم حسین دیگر نے آمد پر تمام مہمانوں کا دلی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 47

گئے خاتون نے مزید الزام عائد کیا کہ مذکورہ افراد کی جانب سے مبینہ طور پر اس کے گھر پر قبضہ کرنے کی کوشش گھر کے افراد کے خلاف جھوٹی ایف آئی آر درج کرانے اور انہیں جانی نقصان کی دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں مسماۃ خورشید کے مطابق اس نے انصاف اور قانونی تحفظ کے لیے بھٹ شاہ تھانے میں درخواست جمع کرائی، تاہم تاحال اس کی فریاد پر مؤثر کارروائی نہیں کی گئی متاثرہ خاتون نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، اسے اور اس کے اہل خانہ کو تحفظ فراہم کیا جائے جبکہ مبینہ طور پر لوٹا گیا سامان اور نقد رقم واپس دلوائی جائے۔ خاتون نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر دادرسی اور قانونی کارروائی نہ کی گئی تو وہ بھٹ شاہ تھانے کے سامنے احتجاجی مظاہرہ اور دھرنا دینے پر مجبور ہوگی

بقیہ 48

کو عوام دشمن اقدامات کا خمیازہ بھگتنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی سیکریٹری جماعت اسلامی سندھ مولانا عبدالقدوس احمانی نے جماعت اسلامی میرپورخاص کے پوسٹ آفس چوک پر پٹرول لیوی بھتہ ٹیکس نامنظور دھرنے کے آٹھویں دن کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ دھرنے سے جمعیت علمائے پاکستان نورانی گروپ کے ضلعی صدر مفتی فیاض الحسن چشتی، امن فاؤنڈیشن کے بانی راجا بشیر الٰہی محمدی اور مقامی امیر شکیل احمد فہیم نے بھی خطاب کیا۔ دھرنے میں گوجرانوالہ دھرنا کے شرکا سے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا خطاب براہ راست بڑی ویڈیو اسکرین پر دکھایا گیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے اپنے خطاب کے دوران جب حکومتی ہٹ دھرمی اور تمام تر قابل عمل تجاویز کی موجودگی باوجود لیوی بھتہ ٹیکس ختم کرنے کے بجائے پیچھے ہی ہیں ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کی کال کا اعلان کیا دھرنا میں موجود شرکا جوش وجذبہ قابل دید تھا اس موقع پر کارکنان شرکا لبیک لبیک اللھم لبیک۔ حافظ نعیم بڑھو ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ہم ساتھ چلیں گے حافظ کے۔ ہم بازو کس کے حافظ کے۔ لیوی بھتہ ختم کرو پٹرول کی قیمت کم کرو۔ کے نعرے لگاتے

بقیہ 49

جانب سے بڑی تعداد میں اپارٹمنٹس کی بکنگ کرائی گئی، جس سے پروجیکٹ پر عوام کے اعتماد اور دلچسپی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر معروف بزنس مین رہنما ذکر مختیار، تیمور بٹ، عدنان تھمی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹرائیکا پروجیکٹ انتہائی اچھی اور موزوں لوکیشن پر قائم کیا جارہا ہے، جہاں لوگوں کو مناسب اور کم قیمت میں جدید سہولیات سے آراستہ لگژری اپارٹمنٹس فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں معیاری رہائش کے ساتھ مناسب قیمت بھی شہریوں کی اہم ضرورت ہے اور ٹرائیکا اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے پیش کیا گیا ہے۔ ذکر مختیار، عدنان تھمی، تیمور بٹ و دیگر نے کہا کہ پروجیکٹ میں جدید طرز زندگی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے رہائشی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ شہریوں کے لیے یہ ایک اچھا موقع ہے کہ وہ اپنی رہائش اور مستقبل کی سرمایہ کاری کے لیے ٹرائیکا میں اپارٹمنٹ حاصل کریں۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ پروجیکٹ کے حوالے سے معلومات حاصل کرکے جلد از جلد اپنے اپارٹمنٹس کی بکنگ کرائیں تاکہ اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا جاسکے۔ تقریب میں شریک مہمانوں اور شہریوں نے ٹرائیکا پروجیکٹ کی لوکیشن، منصوبہ بندی اور اپارٹمنٹس کی سہولیات کو سراہتے ہوئے اسے رہائش اور سرمایہ کاری کے حوالے سے ایک قابل توجہ منصوبہ قرار دیا۔ ہائی ٹی کے دوران شرکا نے باہمی ملاقاتیں بھی کیں اور پروجیکٹ کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ تقریب خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ 50

مطالبہ کیا ہے کہ عدالتی فیصلے کی روشنی میں 63 ایکڑ اراضی کے تمام سروے نمبرز کا ریکارڈ درست کرکے کھاتوں کی منتقلی کا معاملہ قانون کے مطابق نمٹایا جائے اور مبینہ غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ 51

بھرے اور قیمتی درخت کاٹ کر لے جانے کی کوشش کر رہے تھے کہ اہل محلہ کو اطلاع مل گئی۔ اہل محلہ فوری طور پر موقع پر پہنچے اور مزاحمت کرتے ہوئے درختوں کی کٹائی رکوادی، جس پر درخت کاٹنے والے افراد درخت چھوڑ کر موقع سے فرار ہوگئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قبرستان میں موجود سایہ دار اور قیمتی درخت لاکھوں روپے مالیت کے ہیں، جنہیں کاٹ کر فروخت کیا جا رہا ہے مسلسل درختوں کی کٹائی سے نہ صرف قبرستان کا قدرتی ماحول متاثر ہو رہا ہے بلکہ قبروں اور آنے والے شہریوں کے لیے موجود سایہ بھی ختم ہوتا جا رہا ہے۔ اہل محلہ نے کہا ہے کہ بار بار شکایت دلانے کے باوجود درختوں کی چوری روکنے کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے، جس کے باعث درخت چوروں کے حوصلے بلند ہیں۔ انہوں نے ریلوے انتظامیہ، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر قبرستان میں درختوں کی کٹائی اور چوری کی مکمل تحقیقات کی جائیں، ملوث افراد کی نشاندہی کرکے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور قبرستان کے درختوں کے تحفظ کے لیے مستقل بنیادوں پر مؤثر انتظامات کیے جائیں۔ اہل محلہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر درختوں کی چوری کا سلسلہ فوری طور پر نہ روکا گیا تو وہ متعلقہ حکام کے خلاف احتجاج اور اعلیٰ حکام سے تحریری شکایات کرنے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 52

خیرات، تلاوت قرآن اور نیک اعمال کے ذریعے ان کے لیے دعا وایصال ثواب کے حوالے سے تفصیلی روشنی ڈالی، جبکہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ، آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ اور محبت رسول ﷺ کے تقاضوں پر بھی خصوصی گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان کے لیے سیرت طیبہ کو اپنی زندگی کا عملی نمونہ بنانا ہی حقیقی کامیابی کا راستہ ہے۔ محفل کے دوران مرحوم محمد یوسف خان قائم خانی کے لیے خصوصی دعا اور فاتحہ خوانی کی گئی، جبکہ شرکا نے [illegible]

کی دعا بھی کی۔ محفل کے اختتام پر شرکا کی تواضع بھی کی گئی۔

بقیہ 53

جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پالیا۔ کاٹن انڈسٹریز میں معمول کے مطابق کام جاری تھا کہ اچانک روئی میں آگ بھڑک اٹھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کرلی۔ آتشزدگی کے باعث تقریباً 300 تیار شدہ روئی کی گانٹھیں مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئیں رابطہ کرنے پر یوکی کاٹن انڈسٹریز کے مالک سیٹھ کپل کمار نے بتایا کہ انڈسٹری میں معمول کے مطابق کام جاری تھا کہ اچانک آگ لگ گئی، جس کے نتیجے میں تقریباً 300 تیار شدہ روئی کی گانٹھیں جل کر راکھ ہوگئیں اور کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے انہوں نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ آتشزدگی کے نتیجے میں ہونے والے بھاری مالی نقصان کا ازالہ کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 54

گیا۔ مرکزی کمیٹی کی مدت مکمل ہونے پر اسے تحلیل کرکے آرگنائزنگ کمیٹی قائم کردی گئی۔ 29 نومبر کو مرکزی انتخابات کرانے کا فیصلہ کرتے ہوئے لال چند آرگنائزر اور ایڈووکیٹ راحیل بھٹو کو سیکریٹری منتخب کیا گیا۔ اگر چاہیں تو اسے مزید 2 کالم کی انتہائی مختصر اخباری خبر میں بھی تبدیل کرسکتا ہوں۔

بقیہ 55

آ گئی حقوق سے محروم ہیں انہوں نے کہا کہ ڈیموکریٹک ورکرز یونین کا واضح منشور کلریکل اور نان کلریکل کیڈرز میں مستقل بھرتیاں، کنٹریکٹ ورکرز کو مستقل کرنا اور تھرڈ پارٹی کنٹریکٹ ورکرز کو ووٹ کا حق دلانا ہے۔ انتظامیہ ان مطالبات کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں، جبکہ لیبر یونین انتظامیہ کے موقف کے ساتھ کھڑی ہے۔ ایسے حالات میں ورکرز نے ریفرنڈم کے ذریعے اپنے ووٹ کی پرچی کو اپنے حقوق کے حق میں استعمال کیا ہے لیاقت علی ساہی نے کہا کہ بنیادی مقابلہ ڈیموکریٹک ورکرز یونین اور لیبر یونین کے درمیان نہیں بلکہ انتظامیہ کی پالیسیوں اور مزدوروں کے بنیادی حقوق کے درمیان تھا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ لیبر یونین دراصل ایک پاکٹ یونین کا کردار ادا کر رہی ہے۔ ان کے مطابق ملکی سطح پر جن اداروں میں انتظامیہ پاکٹ یونینز کی سرپرستی کرتی ہے، وہاں ٹریڈ یونین کا وجود برقرار نہیں رہتا اور مزدور بھی مؤثر طور پر اپنا تحفظ نہیں کرپاتے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک میں بھی 1997 میں انتظامیہ نے مبینہ طور پر اپنے حمایت یافتہ عناصر کے ذریعے ٹریڈ یونین کا مکمل صفایا کرنے کی کوشش کی، تاہم ڈیموکریٹک ورکرز یونین نے ان کی قیادت میں مسلسل جدوجہد جاری رکھی اور لیبر قوانین اور ملک کے دستور کی روشنی میں یونین کا وجود برقرار رکھا۔ اس جدوجہد کے نتیجے میں ورکرز کے تحفظ کے ساتھ ساتھ متعدد مراعات بھی حاصل کی گئیں۔ کنٹریکٹ ورکرز کے حقوق کے لیے قانونی جدوجہد لیاقت علی ساہی نے کہا کہ 2018 میں ڈیموکریٹک ورکرز یونین نے قانونی چارہ جوئی کے ذریعے کنٹریکٹ ورکرز کو ووٹ کا حق دلوایا۔

بقیہ 56

بعد اسے مزید علاج کے لیے سول اسپتال حیدرآباد روانہ کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کی جارہی ہیں اور صورتحال کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ 57

آور اشیا کا مبینہ استعمال اور کاروبار جاری ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ تھانہ بولا خان شہر خصوصاً پولیس اسٹیشن کے اطراف بھی منشیات کی مبینہ دستیابی تشویشناک ہے، جس کے باعث نوجوان نسل کے مستقبل کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ مقامی ذرائع نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ڈیرہ بلوچستان سے کوہستان کے مختلف راستوں کے ذریعے منشیات کی مبینہ سپلائی سندھ کے دیگر علاقوں تک کی جاتی ہے شہریوں نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی حیدرآباد اور ایس ایس پی جامشورو سے مطالبہ کیا ہے کہ منشیات کے خلاف مستقل اور بلا امتیاز کارروائی کی جائے، مبینہ سپلائی نیٹ ورک کی تحقیقات، منشیات فروشوں کے خلاف قانونی کارروائی اور آمد و رفت کے راستوں پر نگرانی سخت کی جائے، تاکہ نوجوان نسل کو نشے کی لعنت سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 58

افتتاحی تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی اور حیدرآباد لا کالج کی ڈیجیٹل ای لائبریری مع اے آئی اسسٹنٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ جدید دور میں تعلیمی اداروں کے لیے ڈیجیٹل ای لائبریری بنیادی ضرورت ہے تاکہ قانون کے طالب علموں کو تعلیم کے حصول میں کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور وہ ایک کلک پر اپنا مطلوبہ قانونی مواد اور عدلیہ کے فیصلوں تک رسائی حاصل کرسکیں۔ صوبائی وزیر نے حیدرآباد لا کالج کی انتظامیہ کے اس جدید، ڈیجیٹل لائبریری کے ذریعے قانون کے طالب علموں کو تعلیم فراہم کرنے کی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 59

رہا جس کی وجہ سے کئی سکولوں کو مسائل کا سامنا ہے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ سکولوں کے لیے ملنے والے فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے اور محکمہ تعلیم کے معاملات کا نوٹس لے کر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ 60

نے گزشتہ 18 برسوں سے 18ویں ترمیم کے بعد ملنے والے اختیارات اور وسائل کا ناجائز فائدہ اٹھایا ہے۔ جس کے نتیجے میں عام پاکستانیوں کی محرومیوں میں اضافہ ہوا ہے یقیناً آج ملک کے دو صوبوں میں ریاست مخالف جنگ جاری ہے۔ مصطفیٰ کمال نے موجودہ نظام حکومت کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ یہ نظام گزشتہ 79 برسوں سے ملک میں غدار پیدا کر رہا ہے اور اپنے ہی لوگوں کو اپنی فوج کے خلاف لڑا رہا ہے، موجودہ نظام کے تحت ملک کو مزید نہیں چلایا جاسکتا اور چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہو چکے ہیں۔ سید مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ کراچی میں کتے کے کاٹنے اور کھلے گٹروں میں گر کر بچوں کی اموات ہورہی ہیں، ڈمپروں کی زد میں آکر شہری اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، اسپتالوں میں غلط سرنج کے استعمال سے ایڈز پھیل رہا ہے، جبکہ سڑکوں پر موبائل فون چھینے کی وارداتوں میں نوجوانوں کو قتل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے نوجوانوں کے لیے کوئی سرکاری روزگار موجود نہیں، انہیں شہری کوٹے پر بھی کوٹہ نہیں دیا جاتا، اور جب شہر کے کوٹے کی بات آتی ہے تو جعلی ڈومیسائل کے ذریعے حق دیا جاتا ہے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ سندھ کے حکمرانوں نے شہر کے نوجوانوں کے لیے روزگار کی واحد جگہ "فوڈ پانڈا" چھوڑی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے پاکستان کے تمام مظلوموں اور غریب عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے متحد، منظم اور متحرک ہونا ہوگا۔ اس موقع پر سینئر مرکزی رہنما انیس قائم خانی، انچارج سی او سی فرقان اطیب سمیت اراکین صوبائی و قومی اسمبلی بھی موجود تھے

بقیہ 61

کی لاش ضروری کارروائی کے بعد پولیس ہیڈ کوارٹرز میں جنازہ نماز ادا کی گئی پولیس ذرائع کے مطابق پولیس اہلکار موبائل وین میں مشکوک کار سواروں کا پیچھا کر رہے تھے کہ راستے میں پولیس موبائل الٹ گئی ہے پولیس نے روڈ حادثے پر تحقیقات کا آغاز بھی کر دیا ہے

بقیہ 62

رہائشیوں سے مبینہ طور پر غیر قانونی طریقے سے لاکھوں روپے وصول کیے جا رہے ہیں، جبکہ غریب ملازمین بجلی اور رہائش جیسی بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے بھی پریشان ہیں انہوں نے کہا کہ شدید گرمی میں ان کے بچے سخت پریشانی کا شکار ہیں یونیورسٹی کی انتظامیہ، اعلیٰ حکام اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کروا کر بجلی بحال کی جائے اور انصاف فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب ٹنڈو جام واپڈا انتظامیہ سے رابطہ کرنے پر حکام کا کہنا ہے کہ چار لاکھ سے زائد واجبات کنکشن پر رہے ہوئے ہیں جو نادہندگی کی وجہ سے کنکشن منقطع کیے جانے کے باوجود بھی لائن ڈائریکٹ استعمال کی جارہی تھی جو رینجرز اہلکاروں کے ہمراہ دوران چیکنگ لائن پکڑی گئی جواب مزید قانونی کارروائی کے لیے ذریعے پر ایسیز کو جلد از جلد قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 63

ٹریفک کے مسائل میں کمی آئے گی اور شہر کی مجموعی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کے دوران شہریوں کو درپیش مشکلات کو کم سے کم رکھا جائے اور تعمیراتی کام مرحلہ وار مکمل کیے جائیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے متعلقہ افسران، انجینئرز اور تعمیراتی حکام کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں اور کام کے معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی، جبکہ عوامی مفاد سے متعلق اسکیموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے علی حسن زرداری نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل یا غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں میں مقررہ معیار، ڈیزائن اور تکنیکی اصولوں پر مکمل عمل درآمد کیا جائے اور منصوبوں کی نگرانی مؤثر انداز میں کی جائے انہوں نے مزید کہا کہ معیار پر سمجھوتہ کرنے والے ٹھیکیداروں اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 64

ازاں سوشل میڈیا پر بھی گردش کرنے لگا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے محرکات جاننے کے لیے مزید تحقیقات جاری ہیں، جبکہ [illegible]

مطابق واقعے کی مکمل تحقیقات اور دستیاب شواہد کی روشنی میں ہی نوجوان کی موت کے اصل محرکات سامنے آسکیں گے۔ دوسری جانب شاویز شاہ کی میت جب گھر پہنچی تو وہاں کہرام مچ گیا، اہل خانہ غم سے نڈھال ہوگئے، جبکہ واقعے پر محلے میں بھی افسوس کی فضا قائم ہے۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے اور خودکشی کے ممکنہ محرکات سمیت تمام متعلقہ پہلوؤں کی چھان بین کی جارہی ہے۔

بقیہ 65

رکھا جبکہ ان کی اہلیہ کا نام سعیدہ بی بی اور بچوں کے اسلامی نام محمد فضل اور محمد ماجد رکھے گئے اس موقع پر محمد جاوید، محمد اعظم خان بروہی، محمد مدثر مغل سمیت دیگر معززین اور احباب بھی موجود تھے، علامہ مفتی محمد شریف سعیدی اشرفی اور دیگر معززین نے نومسلم افراد کو پھولوں کے ہار پہنائے اور اسلام قبول کرنے پر مبارکباد پیش کی تقریب کے اختتام پر نومسلم خاندانوں کے لیے خصوصی دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ انہیں دین اسلام پر ثابت قدم رکھے ایمان میں پختگی عطا فرمائے اور ان کی زندگیوں میں خیر و برکت نازل فرمائے۔

بقیہ 66

میں ملوث تمام ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ملزمان کو گرفتار نہ کیا گیا تو 16 ستمبر کو شہر و فیروز قومی شاہراہ پر دھرنا دے کر احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 67

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیڈٹ کالج کرمپور کے پرنسپل پروفیسر محمد ہاشم میمن نے مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا انہوں نے شاہ عبداللطیف بھٹائی کے فکر و فلسفے کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ شاہ لطیف کی شاعری سندھ کی ثقافتی شناخت کے ساتھ محبت، امن، برداشت، انسان دوستی اور جدوجہد کا ایسا آفاقی پیغام پیش کرتی ہے جو ہر دور کے انسان کے لیے مشعل راہ ہے اس موقع پر کالج انتظامیہ کی جانب سے مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر نوید احمد شیخ کو یادگاری تحائف بھی پیش کیے گئے مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر نوید احمد شیخ نے اپنے صدارتی خطاب میں شاہ عبداللطیف بھٹائی کی تعلیمات، فکر اور انسانیت کے لیے ان کے آفاقی پیغام کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی انہوں نے کیڈٹس پر زور دیا کہ وہ شاہ لطیف کی شاعری سے علم، اخلاق، محبت، حوصلے اور انسانیت جیسے اعلیٰ اوصاف کا درس حاصل کریں اور ان اقدار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں بعد ازاں انہوں نے مختلف مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کیڈٹس میں انعامات تقسیم کیے تقریب کے اختتام پر ایک شاندار موسیقی کی محفل بھی منعقد ہوئی، جس میں معروف فنکار گل حسن تھہیم اور ان کے ساتھیوں نے شاہ عبداللطیف بھٹائی کے بیتوں پر مبنی خوبصورت کلام پیش کیا پرسوز آوازوں اور دلنشین دھنوں نے محفل کو یادگار بنا دیا، جس پر حاضرین نے فنکاروں کو بھرپور داد دی تقریب میں کیڈٹس، تدریسی اور انتظامی عملے نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری، فکر اور عظیم ثقافتی ورثے سے اپنی عقیدت اور وابستگی کا اظہار کیا

بقیہ 68

طاہری نے ضلعی کی کارکردگی رپورٹ پیش کرتے ہوئے تنظیمی سرگرمیوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ اجلاس کا آغاز خلیفہ قاری احمد نواز تمیمی طاہری نے تلاوت کلام پاک سے کیا، جبکہ ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا خلیفہ محمد افضل شیخ طاہری نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ ضلعی عہدیداران کی جانب سے صوبائی عہدیداران، خلفائے کرام اور معزز مہمانوں کا پھولوں کے ہار پہنا کر استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی رہنماؤں نے کہا کہ تنظیمی ریکارڈ کو منظم رکھنا اور کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لینا مضبوط اور فعال تنظیم کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت کے سردار حضرت خواجہ پیر سائیں کے محبت، امن، بھائی چارے اور انسانیت کے پیغام کو عام کرنا اور معاشرے میں اصلاح و نیکی کے کاموں کو فروغ دینا جماعت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں خلیفہ فتح علی مہیسر طاہری، محمد اطہر ابڑو طاہری، مولانا خلیفہ محمد حسن بصری طاہری، ضمیر الدین ملک طاہری سمیت دیگر ضلعی عہدیداران اور خلفائے کرام نے شرکت کی۔ آخر میں صوبائی قیادت نے ضلعی تنظیم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، تنظیمی سرگرمیوں کو وسعت دینے اور جماعت کے پیغام کو ہر فرد تک مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے ضروری ہدایات اور رہنمائی فراہم کی۔

بقیہ 69

مطابق بٹوے میں تقریباً 60 ہزار روپے نقد، اے ٹی ایم کارڈز، شناختی کارڈ، سمیں اور دیگر ضروری سامان موجود تھا جبکہ دکان کے گلے سے بھی 5 سے 6 ہزار روپے نقد رقم لے جائی گئی وارادت کے بعد دونوں ملزمان موٹر سائیکل پر فرار ہوگئے دکاندار کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع مہران تھانے کو دے دی گئی ہے تاہم وارادت کو کئی گھنٹے گزرنے کے باوجود پولیس کی جانب سے کوئی مؤثر کارروائی سامنے نہیں آئی متاثرہ دکاندار نے ایس ایس پی میرپورخاص سمیت اعلیٰ پولیس حکام سے فوری نوٹس لے کر ملزمان کو گرفتار اور لوٹی گئی رقم و سامان برآمد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 70

بھی شہر میں جب بھی پرامن احتجاج ہوتا ہے، اس پر کریک ڈاؤن کیا جاتا ہے، تشدد اور لاٹھی چارج کیا جاتا ہے اور گرفتاریاں کی جاتی ہیں، یہ عمل کسی طور بھی ناقابل قبول ہے۔ پیپلز پارٹی کی قیادت ان مقامی اور غیر مقامی طاقتوں کے ساتھ ملی ہوئی ہے جو سندھ کو ہر قیمت پر تقسیم کرنا چاہتے ہیں اور خاص طور پر کراچی اور سندھ کی ساحلی پٹی کو سندھ سے الگ کرنا چاہتے ہیں ! ہم عوامی ورکرز پارٹی (مارکسسٹ) کی پوری قیادت، تمام کارکنوں اور خاص طور پر ان بہنوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے لاڑکانہ میں زبردست احتجاج ریکارڈ کرکے سندھ کے ازلی دشمنوں کو یہ پیغام دیا کہ اگر سندھ کو تقسیم کیا گیا تو ہم بچاری کھائیں گے، اور ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے۔ ہم مزاحمت کرتے ہوئے انتہا تک جائیں گے۔ آخر میں ہم ایک بار پھر مطالبہ کرتے ہیں کہ سندھ حکومت گرفتار رہنماؤں اور کارکنوں کو فوری طور پر رہا کرے، بصورت دیگر پورے سندھ کے عوام سڑکوں پر نکل کر بھرپور احتجاج کریں گے۔

بقیہ 71

دیگر شرکا نے خطاب کیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ تحصیل میرواہ میں امن وامان کی بحالی وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان کے باعث نوجوان نسل کا مستقبل خطرے میں پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصاً آئس سمیت مختلف منشیات کی مبینہ فروخت اور استعمال کے باعث والدین اور علاقے کے شہری شدید پریشان ہیں۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ منشیات کی فروخت اور استعمال کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کارروائی کی جائے، شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے بچانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ ریلی کی قیادت میرواہ امن کمیٹی کے ذوالفقار نے کی، جبکہ ذوالقرنین ولد جوگی، وڈیرو عبدالحمید جوگی، استاد امیر بخش منگی، سماجی کارکن شرین عباس ڈیتھی، فردوس جوگی سمیت دیگر معزز شخصیات اور شہریوں نے شرکت کی۔ امن کمیٹی کے رہنماؤں نے پولیس، انتظامیہ اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ تحصیل میرواہ میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنایا جائے، منشیات فروشوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے اور نوجوان نسل کو تباہی سے بچانے کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 72

والدین اور اساتذہ کو بھی مبارکباد پیش کی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر نرسنگ کالج برجمن منگی، ڈی ایچ او ڈاکٹر فاروق آرائیں اور پرنسپل اشوک کمار نے کہا کہ نرسنگ ایک مقدس اور خدمت کا شعبہ ہے، جس میں تعلیم اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انسانیت کی خدمت کا جذبہ بھی ضروری ہے۔ نرسز صحت کے نظام میں انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہیں اور مریضوں کی دیکھ بھال میں گراں قدر خدمات انجام دیتی ہیں مقررین نے کہا کہ طالبات کی کامیابی ان کی محنت، اساتذہ کی رہنمائی اور والدین کے تعاون کا نتیجہ ہے۔ والدین نے اپنی بیٹیوں کی تعلیم کے لیے بھرپور تعاون کیا، جو قابل تحسین ہے۔ سانگھڑ نرسنگ کالج کامیابی کی منزل کی جانب گامزن ہے اور طالبات کو معیاری تعلیم اور بہتر تربیتی ماحول فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ آئندہ سال نرسنگ کالج کی تزئین و آرائش اور ضروری مرمتی کام شروع کیا جائے گا، تاکہ طالبات کو مزید بہتر تعلیمی اور تربیتی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ 73

والے ست سنگ نے صدیوں پرانی روایت کو ایک بار پھر زندہ کر دیا۔ میگھواڑ برادری کی جانب سے سو سال سے زائد عرصے سے منائے جانے والے رامابیر کے سالانہ میلے نے اس سال بھی بالائی سندھ کے مختلف علاقوں سے آنے والے عقیدت مندوں کو اپنی جانب متوجہ کیا۔ سکھر، خیرپور، گھوٹکی اور گرد و نواح سے آنے والے خاندانوں کے ساتھ مقامی مسلم برادری کے افراد نے بھی میلے میں بھرپور شرکت کی۔ یہ سندھ کے اس تہذیبی ورثے کا تسلسل ہے جہاں عقیدہ کبھی نفرت کی دیوار نہیں بنا۔ آستانے کے متولی شیوا داری تیرتھ لال اور تارول نے بتایا کہ یہ میلہ ان کے بزرگ شری نیول نے انیسویں صدی کے آخر میں قائم کیا تھا۔ تیرتھ لال نے کہا، ہمارے بزرگ کہا کرتے تھے کہ سچے دل سے ایک رات جلایا جانے والا دیا سو سال تک روشن رہتا ہے، ہم نے صرف اس دیے کو بجھنے نہیں دیا۔ ان کے مطابق ابتدا ہی سے یہ میلہ ہندو اور مسلمان مل کر مناتے [illegible]

نیا موسمی سسٹم اثر انداز، کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں بارش کا امکان

بھارتی ریاست چھتیس گڑھ پر موجود ہوا کا ایک کم دباؤ اب مدھیہ پردیش اور ملحقہ علاقے پر موجود ہے' محکمہ موسمیات

14 سے 15 ستمبر کے دوران سانگھڑ، خیر پور، حیدر آباد، ٹنڈو الہ یار، ٹیاری اور جامشورو کے اضلاع میں بھی بارش کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) خلیج بنگال اور بھارت میں بننے والے ہوا کے کم دباؤ کے سبب کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بھارتی ریاست چھتیس گڑھ پر موجود ہوا کا ایک کم دباؤ اب مدھیہ پردیش اور ملحقہ علاقے پر موجود ہے، جس کے مغرب اور شمال مغرب کی جانب بڑھنے کا امکان ہے۔ حالیہ سسٹم کے زیر اثر آج پیر اور کل منگل کو // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 45

مالی امداد سے متعلق فیصلے صحافیوں کے مشورے سے حل کرینگے' کاشف گلزار شیخ

اس سلسلے میں صحافیوں کے ساتھ اجلاس بھی منعقد ہونگے' سیکریٹری اطلاعات سندھ کا خطاب

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سیکریٹری محکمہ اطلاعات سندھ کاشف گلزار شیخ نے کہا ہے کہ صحافیوں اور پریس کلبوں کی مالی امداد سے متعلق فیصلے صحافیوں کی صلاح و مشورے سے مل کر حل کیے جائیں گے، اس سلسلے میں صحافیوں کے ساتھ اجلاس بھی منعقد ہونگے ان خیالات کا اظہار // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 36

بھینس کالونی میں امن وامان کی بدترین صورتحال برقرار

سیف سٹی کیمرہ پروجیکٹ بھی شہریوں اور تاجروں کے کام نہ آ سکا' سیکورٹی گارڈ جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملیر تھانہ سکھن کی حدود بھینس کالونی امن و امان کی بدترین صورتحال برقرار علاقہ میں کچھ روز قبل ہی فعال کیا گیا سیف سٹی کیمرہ پروجیکٹ بھی شہریوں اور تاجروں کے کام نہ آ سکا ایک اور ڈکیتی کی واردات میں سیکورٹی گارڈ جاں بحق تفصیلات کے مطابق ملیر کے علاقہ بھینس کالونی تھانہ سکھن کی حدود میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال بدستور برقرار کچھ عرصہ قبل // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر

اورنگزیب سلطان کے زیر اہتمام اسپورٹس فیسٹیول

تقریب کے مہمان خصوصی محمد طارق کاکا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جامشورو تھے

جامشورو (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سفیر امن پاکستان اورنگزیب سلطان عالمی ریکارڈ ہولڈر ڈائریکٹر اسپورٹس ... اسپورٹس فیسٹیول 2026 ... جامشورو میں منعقد ہوا ... مہمان خصوصی محمد طارق کاکا صاحب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جامشورو تھے ... کراچی، بینظیر // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 38

چیئرمین گڈاپ طارق عزیز بلوچ نے سڑک کی تعمیر کا افتتاح کر دیا

صالح محمد گوٹھ، غریب آباد اور گھگھر ٹاؤن کے مکینوں کو طویل عرصے سے آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے یو سی نمبر 6 صالح محمد گوٹھ سے غریب آباد اور گھگھر ٹاؤن تک سڑک کی تعمیر کے منصوبے کا افتتاح کر دیا۔ تقریب میں علاقہ مکینوں اور معززین کی بڑی تعداد نے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 39

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں' 5 ملزمان گرفتار

بڑی مقدار میں مضر صحت گٹکا، ماوا، سفینہ، مین پوری، سپاری اور غیر قانونی اسلحہ و گولیاں برآمد

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص پولیس نے منشیات فروشوں، گٹکا و ماوا فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا ... // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 40

حیدرآباد کے مختلف پولیس سب ڈویژنز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد

پولیس افسران نے شہریوں اور سائلین کے مسائل و شکایات کو بغور سنا' افسران کو ہدایات جاری

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) ... ضلع حیدرآباد کے مختلف پولیس سب ڈویژنز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا، جہاں پولیس افسران نے شہریوں اور سائلین کے مسائل و شکایات کو بغور سنا اور ان کے فوری // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 41

دادو: جڑیل شاہ مارکیٹ میں شاپنگ سینٹر پر قبضے کا الزام

عدالتی احکامات پر پولیس نے سینٹر کے 23 دکانوں کا حصہ دلوایا تھا' مسلح افراد نے دوبارہ قبضہ کر لیا

دادو (بیورو رپورٹ) دادو شہر کے کمرشل علاقے جڑیل شاہ مارکیٹ میں شاپنگ سینٹر ... 23 دکانوں کا حصہ ... // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 42

پبلک اسکول میر شیر محمد خان ٹالپر میرپورخاص کے زیر اہتمام کانفرنس

سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں مقابلہ قرأت، مقابلہ نعت اور مقابلہ کیلی گرافی، مقابلے منعقد ہوئے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پبلک اسکول میر شیر محمد خان ٹالپر میرپورخاص کے زیر اہتمام تیسری سالانہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس 2026 کا انعقاد ... // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 43

رکن قومی اسمبلی نیلم کماری کی حمزہ شہباز شریف سے ملاقات

موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور صوبہ سندھ سے متعلق مختلف امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کی اقلیتی ونگ کی رہنما اور رکن قومی اسمبلی نیلم کماری نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے وزیر اعظم آفس میں اہم ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، بالخصوص // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 44

بھٹ شاہ بگھیہ محلے میں گھر میں داخل ہو کر لوٹ مار

بھٹ شاہ (نامہ نگار) بھٹ شاہ بگھیہ محلے میں 55 سالہ خاتون کے گھر مبینہ مسلح افراد کی داخل ہو کر لوٹ مار، نقدی اور سونا لے جانے کا الزام بھٹ شاہ: بھٹ شاہ کے بگھیا محلے میں 55 سالہ خاتون مسماۃ خورشید کے گھر مبینہ طور پر مسلح افراد داخل ہو گئے، جنہوں نے خاتون کو تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد اسلحے کے زور پر گھر سے پانچ سے چھ تولے سونا اور پانچ لاکھ روپے نقد رقم لے جانے کا الزام ہے متاثرہ خاتون مسماۃ خورشید بگھیا کے مطابق پنو بگھیا، وحید بگھیا، فرحان بگھیا، مسماۃ کرن، شکیلا بگھیا اور الطاف سمیت دیگر افراد مبینہ طور پر اس کے گھر میں داخل ہوئے، اسے تشدد کا نشانہ بنایا اور اسلحے کے زور پر سونے کے زیورات اور نقد رقم لے کر فرار ہو // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 47

163 ایکڑ اراضی کا تنازع' کھاتوں کی منتقلی مکمل نہ ہو سکی

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) 163 ایکڑ اراضی کا تنازع، 2001 کے عدالتی فیصلے کے باوجود کھاتوں کی منتقلی 26 سال سے زیر التوا بھٹ شاہ مین روڈ پر 63 ایکڑ اراضی کے تنازع میں 2001 کے عدالتی فیصلے کے باوجود کھاتوں کی منتقلی تاحال مکمل نہ ہو سکی۔ درخواست گزار کے مطابق سروے نمبر 447/1 بھی مذکورہ اراضی کا حصہ ہے، جو 2019 میں ابن ڈاہری کے نام منتقل ہوا، تاہم اینٹی کرپشن میں درخواست کے بعد یہ کھاتہ منسوخ کر کے زمین کو سرکاری پول میں ظاہر کر دیا گیا۔ انتظامیہ نے سروے نمبر 447/1 پر جاری تعمیراتی کام بھی رکوا دیا۔ درخواست گزار جہانزیب علی کاتیار نے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 50

حیدرآباد میں عوامی تحریک کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) عوامی تحریک کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس مرکزی صدر ایڈووکیٹ وسند تھری کی زیر صدارت ڈی ٹیمن پلیجو ہاس قاسم آباد میں ہوا، جس میں سندھ کی تقسیم، دریائے سندھ کے پانی، زمین و معدنی وسائل پر مبینہ قبضوں اور نہروں و ڈیموں کی تعمیر کے خلاف عوامی بیداری مہم مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں سندھ کو متحد رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ سندھ کی تقسیم کے خلاف پرامن احتجاج کرنے والے عوامی ورکرز پارٹی مارکسسٹ کے گرفتار کارکنوں، بشمول خنثل تھلھو، کی فوری رہائی کا مطالبہ بھی کیا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 54

کوہستان کے مختلف علاقوں میں منشیات کی کھلے عام فروخت

تھانہ بولا خان (بیورو رپورٹ) کوہستان کے مختلف علاقوں میں منشیات کے بڑھتے استعمال اور مبینہ فروخت پر شہریوں، سیاسی و سماجی حلقوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق تھانہ بولا خان، تھانہ احمد خان، سری، مول، ٹونگ، کرچات، گوٹھ علی مراد باریجو اور تھانہ عارب خان سمیت مختلف علاقوں میں شراب، چرس، گٹکا، مین پوری، زیڈ 21، سفینہ اور دیگر نشہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 57

ایم این اے سید وسیم حسین کی والدہ کے چہلم پر محفل حمد و نعت

مرکزی رہنما کامران فاروقی، رکن قومی اسمبلی معین عامر پیرزادہ، سین غوری، عبدالعلیم خانزادہ و دیگر کی شرکت

حیدرآباد (رپورٹ: پیر نور عالم شاہ) ایم کیو ایم پاکستان کے رکن قومی اسمبلی و قائمہ کمیٹیوں برائے پاور، ریلوے اور آبی وسائل کے رکن سید وسیم حسین کی والدہ کے چہلم کے سلسلے میں ایک روح پرور محفل حمد و نعت کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں علمائے کرام، سیاسی، سماجی اور مذہبی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل سے خطاب کرتے ہوئے مفتی راشد محمود رضوی نے سیرت طیبہ ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے حضور اکرم // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 46

کم قیمت میں لگژری اپارٹمنٹس کی فراہمی ہمارا مقصد ہے، عدنان تھمی، تیمور بٹ

ٹرائبیکا کے تحت ڈیفنس فیز 8 میں ہائی ٹی، شہریوں کی بھرپور دلچسپی، اپارٹمنٹس کی بڑی تعداد میں بکنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹرائبیکا کے زیر اہتمام ڈیفنس فیز 8 میں پروقار ہائی ٹی کا انعقاد کیا گیا، جس میں معروف صنعتکار اور ڈیفنس کلفٹن کے تاجر رہنما ذکر مختی سمیت کاروباری، سماجی اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں رلیجہ مظہر، ندیم نذیر، آصف عبدالکریم، عدنان تھمی، تیمور بٹ، عمار تھمی، بمیر ہاشمی، ارحم عدنان، اسد زکریا، احسن صدیقی، ذیشان، احمد اور دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ ہائی ٹی کے موقع پر ٹرائبیکا پروجیکٹ کے حوالے سے شرکا اور شہریوں کو تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی، جبکہ پروجیکٹ کی لوکیشن، رہائشی سہولیات، جدید طرز تعمیر اور اپارٹمنٹس کی قیمتوں کے حوالے سے شرکا نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران شہریوں کی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 49

ٹنڈو آدم کے احمد آباد ریلوے قبرستان میں قیمتی درختوں کی چوری

اہل محلہ فوری طور پر موقع پر پہنچے اور مزاحمت کرتے ہوئے درختوں کی کٹائی رکوا دی

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) احمد آباد ریلوے قبرستان میں قیمتی اور سایہ دار درختوں کی چوری اور غیر قانونی کٹائی کا سلسلہ کافی عرصے سے جاری ہونے کا انکشاف ہوا ہے، تاہم متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے مؤثر کارروائی نہ ہونے کے باعث درختوں کی کٹائی کا سلسلہ تاحال نہ رک سکا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بھی نامعلوم افراد مبینہ طور پر احمد آباد ریلوے قبرستان سے ہرے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 51

ٹنڈو آدم کے قریب کاٹن انڈسٹری میں خوفناک آتشزدگی

300 سے زائد روئی کی گانٹھیں جل کر خاکستر، کروڑوں روپے کا نقصان

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) ٹنڈو آدم کے قریب جھول روڈ پر واقع نیولکی کاٹن انڈسٹریز میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں تقریباً 300 تیار شدہ روئی کی گانٹھیں جل کر خاکستر ہو گئیں، جبکہ کروڑوں روپے کے نقصان کا اندازہ لگایا جا رہا ہے اطلاع ملنے پر ٹنڈو آدم فائر بریگیڈ کی دو گاڑیاں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور فائر فائٹرز نے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 53

ایس بی پی ریفرنڈم انتظامیہ کی پالیسیوں کیخلاف تھا' لیاقت علی ساہی

انتظامیہ ان مطالبات کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں، جبکہ لیبر یونین انتظامیہ کے موقف کے ساتھ کھڑی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) ڈیموکریٹک ورکرز یونین، اسٹیٹ بینک بینکنگ سروسز کارپوریشن کے سیکریٹری جنرل لیاقت علی ساہی نے ریفرنڈم 2026 کے نتائج پر ورکرز سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ ریفرنڈم محض دو یونینز کے درمیان مقابلہ نہیں تھا بلکہ بنیادی طور پر یہ انتظامیہ کی ان پالیسیوں کے خلاف ورکرز کا ریفرنڈم تھا جن کے نتیجے میں ملازمین اپنے بنیادی اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 55

صوبائی وزیر اسماعیل راہو نے ڈیجیٹل ای لائبریری کا افتتاح کر دیا

موجودہ جدید دور میں تعلیمی اداروں کے لیے ڈیجیٹل ای لائبریری بنیادی ضرورت ہے' خطاب

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر یونیورسٹیز و بورڈز سندھ محمد اسماعیل راہو نے آج حیدرآباد میں حیدرآباد لا کالج کے ڈیجیٹل ای لائبریری کی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 58

اب ظالم کا گریبان ہوگا اور مظلوم کا ہاتھ ہوگا' مولانا عبدالقدوس احمدانی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) حکمرانوں کی نااہلی و بے حسی نے طبل جنگ بجا دیا ہے۔ اب ظالم کا ... عوام نے ... حکمرانوں کے خلاف لانگ مارچ کے اعلان نے عوام میں امید کی کرن روشن کر دی ہے۔ جماعت اسلامی کے ماہرین پر مشتمل کمیٹی کی سو فیصد قابل عمل تجاویز کے باوجود بھتہ لیوی ٹیکس ختم نہ کرنا عوام دشمنی ہے۔ نااہل اور کرپٹ حکمرانوں // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 48

محمد یوسف خان قائمخانی کے ایصال ثواب کے سلسلے میں محفل ذکر و نعت

ڈگری (بیورو رپورٹ) ماہر تعلیم اور سابق ایس ٹی او مرحوم محمد یوسف خان قائمخانی کے ایصال ثواب کے سلسلے میں محفل ذکر و نعت کا انعقاد ان کے صاحبزادے ساجد یوسف قائمخانی کی رہائش گاہ پر کیا گیا، جس میں اہل علاقہ، عزیز و اقارب، معززین اور عاشقان رسول ﷺ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نعت خوانوں نے بارگاہ رسالت ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت نعتیں پیش کیں۔ اس موقع پر خطیب جامع مسجد علامہ اختر سعیدی نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے مرحومین کے ایصال ثواب کی اہمیت، صدقہ و // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 52

حیدرآباد: 45 سالہ شخص نے مبینہ طور پر چھری کے وار سے خود کو زخمی کر لیا

حیدرآباد (چیف رپورٹر) ہٹڑی تھانے کی حدود میں گھریلو پریشانی کے باعث 45 سالہ شخص نے مبینہ طور پر چھری کے وار سے خود کو زخمی کر لیا جس کے بعد اسے تشویشناک زخمی حالت میں علاج کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کے باعث اہل خانہ میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ پولیس کے مطابق واقعہ اتوار کی صبح تقریباً 10 بجے اسرا اسپتال کے مقام پر پیش آیا جہاں گوٹھ سعید خان لغاری، ضلع ٹیاری کا رہائشی امیر علی لغاری ولد معید لغاری، عمر 45 سال زخمی حالت میں موجود تھا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق مذکورہ شخص نے گھریلو پریشانی کے باعث چھری سے خود کو زخمی کیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر زخمی امیر علی لغاری کو طبی امداد کے لیے اسرا اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 56

محکمہ تعلیم کے افسران کے خلاف لاڑکانہ پریس کلب پر احتجاج

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) محکمہ تعلیم کے افسران کے خلاف گسٹا رہنما جی ایم ابڑو کی قیادت میں لاڑکانہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے سابق ڈائریکٹر ایجوکیشن گلشن سومرو کا پتلا نذر آتش کیا اور شدید نعرے بازی کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ کروڑوں روپے ملنے کے باوجود محکمہ تعلیم سکولوں کی بہتری اور بنیادی سہولیات پر خاطر خواہ خرچ نہیں کر // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 59

ملک کے تمام مظلوم اور غریب انتظامی یونٹس کے قیام کیلئے متحد ہوں

مصطفیٰ کمال

موجودہ نظام کے تحت ملک کو مزید نہیں چلایا جا سکتا اور چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہو چکے ہیں، رہنما ایم کیو ایم پاکستان

ڈمپروں کی زد میں آ کر شہری اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں، اسپتالوں میں غلط سرنج کے استعمال سے ایڈز پھیل رہا ہے' خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ اب وقت آ چکا ہے کہ پاکستان میں انتظامی ری اسٹرکچرنگ کی جائے تاکہ اختیارات اور وسائل ملک کے ہر شہری کی دہلیز تک پہنچ سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ٹاؤن میں انتظامی یونٹس کیلئے عوامی رابطہ مہم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ صوبوں // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 60

ٹنڈو جام زرعی یونیورسٹی کے ویلفیئر آفیسر کیخلاف نائب قاصد کا احتجاج

حیدرآباد (چیف رپورٹر) ٹنڈو جام زرعی یونیورسٹی کے ویلفیئر آفیسر کی مبینہ ناجائزیوں کے خلاف یونیورسٹی کے نائب قاصد کا اہلیہ کے ہمراہ پریس کلب ٹنڈو جام کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے علی رضا خاصخیلی اور ان کی اہلیہ ساجدہ خاصخیلی نے میڈیا سے گفتگو میں الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کے ویلفیئر آفیسر مختیار سیلرو، حاکم میر جت و دیگر واپڈا ملازم مبینہ طور پر ان سے ہر ماہ بجلی کی مد میں 15 ہزار روپے وصول کرتے رہے ہیں جبکہ انہیں ڈائریکٹ بجلی کا کنکشن بھی دیا گیا تھا، جواب کاٹ دیا گیا ہے اور اب لاکھوں روپے بل کی رقم طلب کی جا رہی ہے، جس کے باعث وہ شدید پریشانی میں مبتلا ہیں نائب قاصد کی اہلیہ ساجدہ خاصخیلی نے الزام عائد کیا کہ ویلفیئر آفیسر مختیار سیلرو مبینہ انہیں بلیک میل کر رہا ہے یونیورسٹی میں ایکسپریس فیڈر کی سہولت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 62

دادو کے قریب پولیس موبائل الٹ گئی' نجی باورچی جاں بحق

6 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے' ایس ایس پی دادو صدام حسین خاصخیلی ڈی ایچ کیو اسپتال پہنچے

دادو (بیورو رپورٹ) دادو کے قریب دوابولک روڈ پر پولیس موبائل وین الٹنے سے ڈی ایس پی کا نجی باورچی جاں بحق جبکہ 6 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے جاں بحق شخص اور زخمی پولیس اہلکار ڈی ایچ کیو منتقل کیا گیا جہاں ایس ایس پی دادو صدام حسین خاصخیلی ڈی ایچ کیو اسپتال پہنچے اور زخمیوں کو کراچی اسپتال منتقل کیا گیا زخمی پولیس اہلکاروں میں لعل بخش گوپانگ، یوسف بھنو، ماجد قمبرانی، سکندر منگھار، شیراز ناچ اور احسان شاہانی شامل ہیں متوفی شخص کی شناخت صابر شاہانی کے نام سے ہوئی ہے جس // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 61

ٹنڈو آدم: مبینہ ہوائی فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) ٹنڈو آدم دو روز قبل مبینہ ہوائی فائرنگ کے دوران کہری پاہی کے رہائشی 15 سالہ عامر ولد دائم کہری گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا۔ واقعے کے خلاف زخمی نوجوان کے ورثا حاکم علی کہری کی قیادت میں برادری کے افراد اور اہل محلہ نے ٹنڈو آدم پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا اور شدید نعرے بازی کی۔ مظاہرین نے کہا کہ ہوائی فائرنگ کے واقعات شہریوں خصوصاً بچوں اور نوجوانوں کی زندگیوں کے لیے سنگین خطرہ بن چکے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ہوائی فائرنگ پر سختی سے پابندی عائد کی جائے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ ایسے واقعات کی روک تھام ہو سکے۔

صوبائی وزیر علی حسن زرداری شہداد پور سٹی میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

متعلقہ افسران نے انہیں جاری کاموں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ دی

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) شہداد پور صوبائی وزیر علی حسن زرداری نے شہداد پور سٹی میں جاری روڈ کے ترقیاتی کاموں کا دورہ کیا اور مختلف ترقیاتی اسکیموں پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے زیر تعمیر سڑکوں، نکاسی آب کے نظام، تعمیراتی معیار اور منصوبوں کی رفتار کا معائنہ کیا، جبکہ متعلقہ افسران نے انہیں جاری کاموں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ شہداد پور شہر میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سڑکوں کی تعمیر و بحالی سے شہریوں کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی، // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 63

شکار پور: جمخانہ کلب میں نوجوان کی مبینہ خودکشی، والد کے نام پیغام

شکار پور (بیورو رپورٹ) شکار پور شہر کے مست علی شاہ محلے کے رہائشی 22 سالہ نوجوان شاویز شاہ نے لکی در تھانے کی حدود میں واقع جمخانہ کلب کے اندر مبینہ طور پر خودکشی کر لی۔ افسوسناک واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، جبکہ نوجوان کی میت گھر پہنچنے پر اہل خانہ میں کہرام مچ گیا۔ تفصیلات کے مطابق شاویز شاہ جمخانہ کلب کے اندر موجود تھا کہ مبینہ طور پر اس نے خود کو پستول سے گولی مار لی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ضروری قانونی کارروائی شروع کرتے ہوئے نوجوان کی لاش اسپتال منتقل کر دی۔ ذرائع کے مطابق مبینہ خودکشی سے قبل شاویز شاہ نے اپنے والد اعجاز علی شاہ کو ایک پیغام بھیجا، جس میں مختلف معاملات پر والد سے معذرت کی گئی تھی۔ مذکورہ پیغام بعد // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 64

خیر بانو منگنیچو کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے احتجاج

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ) خیر بانو منگنیچو کے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے احتجاج، 16 ستمبر کو قومی شاہراہ پر دھرنے کا اعلان۔ نوشہرو فیروز کے محرم تھانے کی حدود میں چند روز قبل قتل ہونے والی مسماۃ خیر بانو منگنیچو کے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے مقتولہ کے ورثا کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مقتولہ کے بیٹے عبداللہ، بھائی میرل اور عیسیٰ منگنیچو کی قیادت میں کیے گئے احتجاج کے دوران مظاہرین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خیر بانو منگنیچو کے قتل کا مقدمہ انور، منور، قربان منگنیچو اور دو نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کرایا گیا ہے، تاہم پولیس تاحال کسی بھی ملزم کو گرفتار نہیں کر سکی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ انہیں خدشہ ہے کہ پولیس مبینہ طور پر ملزمان سے بھاری رقم لے کر انہیں تحفظ فراہم کر رہی ہے اور گرفتاری سے گریز کیا جا رہا ہے۔ مقتولہ کے ورثا نے مطالبہ کیا کہ خیر بانو منگنیچو کے قتل // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 66

جامعہ نور القرآن میرپورخاص میں 10 افراد نے اسلام قبول کر لیا

پہلے خاندان کے سربراہ نوتا ولد تھو بھیل نے اسلام قبول کرنے کے بعد اپنا اسلامی نام نور محمد رکھا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) جامعہ نور القرآن میرپورخاص میں دو خاندانوں کے مجموعی طور پر 10 افراد نے علامہ مفتی محمد شریف سعیدی اشرفی کے ہاتھ پر کلمہ طیبہ پڑھ کر دائرہ اسلام میں داخل ہونے کا شرف حاصل کیا اس موقع پر جامعہ میں روحانی و پروقار ماحول قائم رہا تفصیلات کے مطابق پہلے خاندان کے سربراہ نوتا ولد تھو بھیل نے اسلام قبول کرنے کے بعد اپنا اسلامی نام نور محمد رکھا جبکہ ان کی اہلیہ کا نام سمینہ بی بی اور بچوں کے اسلامی نام قادر بخش، فاطمہ، فائزہ اور ناہید رکھے گئے دوسرے خاندان کے سربراہ وایاری ولد آرو بھیل نے اسلام قبول کرنے کے بعد اپنا اسلامی نام غلام رسول // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 65

سندھ کو تقسیم ملک کو توڑنے کے مترادف ہے' مولانا صالح انڈھڑ

سعودی عرب پر حملہ قبول نہیں۔ پیٹرول مصنوعات کے ریٹس بڑھانا، بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ عذاب بن چکے

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام سندھ کی جانب سے 19، 20 اور 21 مارچ کو سکھر میں ہونے والی انٹرنیشنل پیس کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے سندھ کی تمام کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس صوبائی ڈپٹی جنرل سیکریٹری مولانا محمد صالح // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 27

نسیم شاپنگ پلازہ کی رہائشی خواتین کا احتجاجی مظاہرہ

پلازہ میں رہنے والے آوارہ قسم کے افراد منصور اور راشد کو ہارو مسلسل انہیں تنگ کر رہے ہیں

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) قاسم میں واقع نسیم شاپنگ پلازہ کی رہائشی افشاں چانڈیو زوجہ محمد شریف باجکانی نے حیدرآباد پریس کلب کے سامنے اپنی بیٹیوں اور بیٹے سمیت بااثر افراد اور پولیس کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے دہائی دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ اسی پلازہ میں رہنے والے آوارہ قسم کے افراد منصور اور راشد کو ہارو مسلسل انہیں تنگ کر رہے ہیں، جس کے باعث وہ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 2 محرم کو پلازہ یونین میں شکایت // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 28

سیرتِ طیبہ ہمارے لیے رہنمائی کا مکمل سرچشمہ ہے' شکیل احمد

میلاد النبی ﷺ کا مقصد صرف عقیدت کا اظہار نہیں بلکہ حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا بھی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لائنز کلب انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 305 ساؤ تھ، ریجن جمہوریہ کی جانب سے پاکستان امریکن کلچر سینٹر کراچی میں ڈسٹرکٹ کے دیگر کلبز، ریجن نیو ایلیٹ، نیو سن رائز لائنز کلب، جیسمین لائنز کلب، سہارا لائنز کلب، نیو ہارمنی اور پی اے سی سی کے تعاون سے شان جشن عید میلاد النبی ﷺ کی بابرکت محفل کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر پروگرام آرگنائزر و چیئرپرسن ریجن جمہوریہ شبنم سہیل نے پروگرام کی میزبانی کے فرائض انجام دیے، جبکہ ریجن چیئرمین ریجن ایلیٹ سلطان محمود نے معزز مہمانوں اور شرکائے محفل کو خوش آمدید کہتے ہوئے استقبالیہ کلمات ادا کیے۔ بابرکت محفل میں لائنز کلب سے تعلق رکھنے والے ممبران، پی اے سی سی کے اراکین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی محفل کے دوران نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی اور مقررین نے حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ، حسن اخلاق، صبر، برداشت، عدل و انصاف اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 29

تحمین ابراہیم جونیجو فنکشنل لیگ میں شامل، سردار عبدالرحیم کا خیر مقدم

ضلع ملیر کے صدر قادر لغاری، بیرسٹر سونیا علی ایڈووکیٹ اور سعیدہ سلیم ایڈووکیٹ بھی موجود تھیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع لاڑکانہ کی ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات اور لاڑکانہ ڈسٹرکٹ کاؤنسل لاڑکانہ کی ممبر تحمین ابراہیم جونیجو اور محترمہ امیر نے پاکستان مسلم لیگ فنکشنل میں شمولیت اختیار کر لی۔ انہوں نے فنکشنل لیگ ہاؤس کراچی میں پاکستان // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 30

نئے صوبوں کا معاملہ مشاورت سے حل ہونا چاہیے، چوہدری شجاعت

چوہدری شجاعت حسین سے مسلم لیگ سندھ کے صدر آصف جمال، جنرل سیکریٹری آفاق خٹک نے ملاقات کی

لاہور (ویب ڈیسک) صدر پاکستان مسلم لیگ چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے۔ چوہدری شجاعت حسین سے مسلم لیگ سندھ کے صدر آصف جمال، جنرل سیکریٹری آفاق خٹک نے ملاقات کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے چوہدری شجاعت حسین کا کہنا تھا کہ سندھ کی ترقی اور محرومیوں کے خاتمے میں مسلم لیگ کا تاریخی کردار ہے، قومی اتفاق رائے اور مشاورت سے مسائل کا حل نکالا جائے، عوام کو بہتر طرز حکمرانی، بنیادی سہولیات اور فوری انصاف فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔

ٹھاروشاہ کا کاروباری مرکز ریشم گلی نالے کے گندے پانی میں ڈوب گئی

ایڈمنسٹریٹر ٹاؤن کمیٹی ٹھاروشاہ منور جمالی کی کارکردگی پر شہریوں کا اظہار تشویش

ٹھاروشاہ (بیورو رپورٹ) ٹھاروشاہ کا مین کاروباری مرکز ریشم گلی نالے کے گندے پانی میں ڈوب گئی۔ ایڈمنسٹریٹر ٹاؤن کمیٹی ٹھاروشاہ منور جمالی کی کارکردگی پر شہریوں کا اظہار تشویش۔ ٹھاروشاہ کا مین کاروباری مرکز ریشم گلی کی موجودہ صورتحال نے ایڈمنسٹریٹر ٹاؤن کمیٹی کی صفائی اور نکاسی آب کے نظام پر سنجیدہ سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ سامنے آنے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ریشم بازار کی گلی میں گندا پانی اور کیچڑ جمع ہے، جس کے باعث دکانداروں، خریداروں اور را // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 32

آرٹس کونسل کراچی کے زیر اہتمام تقریب تقسیم اسناد اور پرفارمنس ڈسپلے

فن سیکھنے کی کوئی عمر نہیں ہوتی۔ فنون لطیفہ انسان میں نرمی، حساسیت اور مکالمے کو فروغ دیتے ہیں، صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام اسکول آف ویژول اینڈ پرفارمنگ آرٹس (SOVAPA) کے طلبہ کے لیے تقریب تقسیم اسناد اور پرفارمنس ڈسپلے کا انعقاد کیا گیا، جس میں تین ماہ کے شارٹ کورس کی تکمیل پر 92 طلبہ میں اسناد تقسیم کی گئیں، جبکہ طلبہ کے تیار کردہ فن پاروں کی نمائش اور میوزک پرفارمنس بھی پیش کی گئی۔ صدر آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی محمد احمد شاہ نے طلبہ میں اسناد تقسیم کیں۔ تقریب میں کراچی پریس کلب کے صدر فا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 33

ڈگری شہر، گردونواح اور دیہی علاقوں میں عام زندگی بری طرح متاثر

اشیائے خورد و نوش، سبزیوں، ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیا کے نرخوں میں بھی اضافہ

ڈگری (بیورو رپورٹ) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث ڈگری شہر، گردونواح اور دیہی علاقوں میں عام زندگی بری طرح متاثر ہونے لگی ہے، جبکہ پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کے ساتھ اشیائے خورد و نوش، سبزیوں، ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیا کے نرخوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے، جس سے مہنگائی نے عوام کی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 34

فاطمہ چانڈیو کے قتل کیس میں پیشرفت، دو نامزد ملزمان گرفتار

گرفتار کیے گئے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے

شکار پور (بیورو رپورٹ) ہمایوں شریف کے علاقے میں سیاہ کاری کے الزام پر کمسن لڑکی فاطمہ چانڈیو کے مبینہ قتل کے افسوسناک واقعے کے بعد شکار پور پولیس نے چند ہی گھنٹوں میں اہم کارروائی کرتے ہوئے قتل میں ملوث دو نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کی جانب سے گرفتار کیے گئے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ہمایوں شریف تھانے کی حدود میں آج صبح ایک کمسن لڑکی فاطمہ چانڈیو کے مبینہ قتل کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، جس کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس حکام نے فوری طور پر کارروائی شروع کی اور واقعے میں ملوث افراد کی گرفتاری کے لیے اقدامات کیے گئے۔ ایس ایس پی شکار پور محمد کلیم نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سلطان کوٹ کی سربراہی میں خصوصی پولیس ٹیم تشکیل دی، جبکہ ہمایوں تھانے کے ایس ایچ او عزیز اللہ کٹو نے پولیس نفری کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے دو نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت ضیاء الحق چانڈیو اور عبداللہ چانڈیو کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ کمسن 14 سے 15 سالہ فاطمہ چانڈیو کو ساجن لغاری نامی شخص کے ساتھ مبینہ سیاہ کاری کے الزام پر قتل کیا گیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ بھی بروقت سرکار کی مدعیت میں تھانہ ہمایوں میں درج کر لیا ہے، جبکہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔